یقینی اور حتمی وعدہ ہے کہ میں کہتا ہوں کہ بھلا اگر خدا کسی کے دل میں مدد کا خیال نہ ڈالے تو کوئی کیوں کر مدد کر سکے۔بس یہاں یہ فرمایا کہ نبیوں کو مدد کی ضرورت نہیں ہے۔اللہ تعالیٰ خود مدد کر سکتا ہے اور ان نبیوں کو پورا یقین بھی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب ان کو کھڑا کیا ہے تو ضرور مدد بھی کرے گا۔اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ میں اور میرا رسول ہی غالب آئیں گے یہ تو نہیں فرمایا کہ فلاں فلاں مدد کرے گا تو غالب آئیں گے۔اللہ نے اپنی مدد کے ساتھ یہ اعلان کروایا ہے کہ میں یہ اعلان کر دوں کہ میں اور میرا رسول ہی غالب آئیں گے۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی یہ الہام ہوا اور کئی دفعہ ہوا۔تو انشاء اللہ احمدیت نے ہی پھیلنا ہے اور اسلام نے ہی پھیلنا ہے اور یہ غلبہ تو ہونا ہے۔لیکن خوش قسمت ہوں گے وہ لوگ جو انصار اللہ کا حق ادا کرنے والے ہوں گے جو اس غلبہ میں شامل ہو جائیں نبی اگر مدد کے لیے کہتے ہیں تو تمہارے بھلے کے لیے کہتے ہیں۔اگر اللہ تعالیٰ تمہیں مدد کے لئے بلاتا ہے تو تمہارے بھلے کے لئے ہوتا ہے۔بس اس بات کا ہمیشہ خیال رکھو۔پھر آپؑ نے ایک جگہ فرمایا کہ اشاعت دین میں مامور من اللہ دوسروں سے مدد چاہتے ہیں۔اس لئے چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت دلوں میں پیدا ہو جائے۔انبیاء کا فرض ہے کہ لوگوں کی اصلاح ہو، ان کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو، ان کے دلوں میں خشیت پیدا ہو۔خدا تعالیٰ کی عظمت پیدا ہو اور وہ کام

خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ بیلجیئم 19 اکتوبر 2008ء

" انصار اللہ کے عہد کو معمولی نہ سمجھیں۔ یہ ایک بہت بڑا عہد ہے اگر آپ نے اللہ کو گواہ ٹھہرا کر کئے گئے عہد کو نہ نبھایا تو آئندہ آنے والی نسلیں آپ کو معاف نہیں کریں گی۔ "

سیّدنا امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہاں انصار اللہ کا اجتماع اپنے اختتام کو پہنچ رہا ہے اتفاق سے ان دنوں میرا جرمنی جانے کا پروگرام تھا صدر صاحب نے درخواست کی کہ واپسی پر اس اجتماع میں شامل ہو جاؤں تو اس طرح اتفاقاً پروگرام بن گیا۔ اس جوبلی کے سال ہر جماعت کی خواہش ہے کہ ان کے جلسوں میں شامل ہوں لیکن ہر جگہ جانا ممکن نہیں ہے بہرحال بیلجیئم کی ایک چھوٹی سی جماعت ہے جس کے انصار اللہ کے اجتماع میں کافی تعداد میں دوسرے بھی آئے ہوئے ہیں تو اس لحاظ سے اس اجتماع میں شمولیت اس سال کے حوالے سے ہوگئی ہے اور بیلجیئم کی بھی نمائندگی ان ملکوں میں ہوگئی ہے یا میرا پروگرام جن ملکوں میں جانے کا بنا ہے بیلجیم بھی ان ملکوں میں شامل ہو گیا جہاں اس سال کے حوالے سے اجتماع یا جلسے میں شامل ہوا ہوں۔

حضور انور نے فرمایا: کہ یہ سال جو خلافت جوبلی کا سال ہے اس میں ہر ایک کو یاد رکھنا چاہیے کہ خوشی منا لینا یا جوبلی منا لینا یہ تو دنیا داروں کی طرح ہمارا مقصد نہیں۔ اگر اس سال سے صحیح استفادہ کرنا ہے تو پھر اس روح کو تلاش کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جس کے لئے یہ جوبلی منائی جا رہی ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ جیسا کہ میں نے 27 مئی کے جلسہ میں ایک عہد لیا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیغام کو دنیا میں پھیلانا اور خلافت احمدیہ کے قیام کے لیے آخر دم تک کوشش کرنی اور خلافت کے ذریعہ سے اس پیغام کو جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام ہے دنیا کے کونے کونے تک پہنچا کر اپنے ملک کے کونے کونے تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرنی ہیں اور اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھنا جب تک کہ اس کا حق ادا نہ ہو جائے۔

انصار اللہ کے عہد کو معمولی نہ سمجھیں

حضور انور نے فرمایا: ابھی آپ نے ایک عہد بھی کیا ہے اسلام احمدیت کی مضبوطی اور اشاعت کے لئے آخر دم تک کوشش کروں گا۔ نظام خلافت کے نفاذ تک کے لیے آخر دم تک کوشش کروں گا اپنے بچوں میں بھی یہ روح پھونکنے کی کوشش کروں گا تو یہ عہد جو ہے اس کو معمولی نہ سمجھیں۔ یہ ایک بہت بڑا عہد ہے۔ اللہ تعالیٰ کو گواہ ٹھہرا کر ہم یہ عہد کر رہے ہیں اس لئے ہمیشہ یاد رکھیں کے آپ جو انصار اللہ ہیں اگر آپ نے اپنے اس عہد کو نہ نبھایا۔ اپنے اس عہد کو نبھانے کے لیے وہ بھرپور کوشش نہ کی جس کی آپ سے توقع کی جاتی ہے تو آئندہ آنے والی نسلیں آپ کو معاف نہیں کریں گی کیوں کہ انہوں نے بھی آپ کے نقش قدم پر چلنا ہے۔ جن بچوں کی جن نوجوانوں کی تربیت آپ نے کرنی ہے وہ آپ کو الزام دیں گے کہ کیوں ہماری تربیت نہیں کی۔ اس لیے یہ یاد رکھیں کہ جو عہد آپ نے کیا ہے اس کو نبھانا آپ کی بہت بڑی ذمہ داری ہے۔

قرآن کریم میں انصار اللہ کے لفظ کا استعمال

حضورِ انور نے فرمایا: قرآن کریم میں انصار اللہ کا لفظ دو جگہ آیا ہے اور ہر جگہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حوالہ سے بات کی گئی ہے آپؑ نے اپنے ماننے والوں سے پوچھا من انصاری الی اللہ (سورہ الصّف 15) کہ کون ہے جو اللہ کی طرف بلانے میں میرے انصار ہوں گے۔ تو حواریوں نے یہی جواب دیا۔ " نحن انصار اللہ " کہ ہم ہیں وہ انصار و مددگار جو اللہ تعالیٰ کے پیغام کو پہنچانے کے لیے آپ کے مددگار ہوں گے۔ یہ ایک عہد تھا جو انہوں نے کیا اور نبھانے کی کوشش کی اور یہی عہد آپ بھی کر رہے ہیں۔ آپ کو نام دیا گیا ہے انصار اللہ کا۔ صرف نام دینا کافی نہیں ہے۔ ہر وقت یاد رکھیں کہ اسلام کی روح کیا ہے۔ اسلام کے اندر کیا کیا گہری باتیں ہیں جن کا ہم نے خیال رکھنا ہے جن کا ہمیں ہر وقت احساس ہونا چاہیے۔

حواری کا مطلب کیا ہے؟ حواری کا مطلب ہے جو کپڑے دھو کر صاف کرے ایسا شخص حواری کہلاتا ہے جو دھلائی کرنے والا ہو۔ کپڑوں کی دھلائی کر کے ان کو صاف کر دینے والا ہو۔ پھر حواری کا مطلب ہے ایسا شخص جو امتحانوں سے آزمایا جائے اور ان میں سے کامیاب ہو کر نکلے کبھی کمزوری دکھانے والا نہ ہو، ایک حواری ایسے شخص کو بھی کہتے ہیں جس کے کردار میں کوئی ملونی اور ملاوٹ نہ ہو۔ ایسا پاک کردار ہو کہ جو کہہ رہا ہے اس پر عمل بھی کر رہا ہو اب آپ گہرائی میں جا کر دیکھیں کہ جس کے مشورے اور عمل ایمانداری اور وفا کے ساتھ ہوں۔ پھر حواری کا مطلب یہ ہے کہ سچا وفادار دوست اور مددگار۔ پھر حواری کے ایک معنی یہ ہیں جو ایک بہت بڑی ذمہ داری ڈالتے ہیں اور ان رشتوں سے ان تعلقات سے یہ امید رکھی جاتی ہے کہ اپنا حق نبھانے کی کوشش کریں گے۔ کپڑے صاف کر کے دھونا، دلوں کو صاف کرنے کے لیے۔ اس سے ایک ذمہ

اجلاس میں دہراتے ہیں اور وہ یہ ہیں کہ اسلام احمدیت کی مضبوطی اور اشاعت اور نظام خلافت کے لئے آخر دم تک جدو جہد کرنی ہے۔ اور اسے کے لئے بڑی سے بڑی قربانی پیش کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہنا ہے اور اپنی اولاد کو ہمیشہ خلافت احمدیہ سے وابستہ رہنے کی تلقین کرتے رہنا ہے اور ان کے دلوں میں خلیفہ وقت سے محبت پیدا کرنی ہے یہ اتنا عظیم اور عظیم الشان نصب العین ہے کہ اس عہد پر پورا اُترنا اور اس کے تقاضوں کو نبھانا ایک عزم اور دیوانگی چاہتا ہے۔ آپ اس اجتماع سے یہ عزم کر کے گھروں کو لوٹیں کہ نظامِ خلافت کی حفاظت کے لئے ہر دم تیار رہیں گے اور خلافت احمدیہ کے خلاف ہر شرارت کا سر کچل کر رکھ دیں گے۔

(سالانہ اجتماع جرمنی 2003)

☆اس مغربی معاشرے میں رہتے ہوئے، جہاں ہر قسم کی آزادی ہے، انصاراللہ کی ذمہ داری بہت بڑھ گئی ہے۔ جہاں آپ کو اپنے بچوں کی طرف، اپنے گھروں کی طرف توجہ دینے کی بھی بہت ضرورت ہے، بیوی کی طرف بھی توجہ دینے کی بہت ضرورت ہے، بیوی سے اگر حسنِ سلوک ہوگا تو وہ یکسوئی سے آپ کے بچوں کی صحیح تربیت کی طرف توجہ کرے گی۔۔۔۔ اگر بچوں میں یہ احساس پیدا ہو گیا کہ ہمارا باپ یا ہمارا دادا یا ہمارا نانا دین کے بڑے خدمت گاروں میں شمار ہوتا ہے لیکن گھر کے اندر وہ اعلیٰ اخلاق جو ایک دیندار کے اندر ہونے چاہئیں ان کا اظہار نہیں کرتا۔۔۔۔۔ ان کو اللہ تعالیٰ کی ذات پہ بھی یقین نہیں ہوتا کیونکہ انہوں نے خدا کے نام پر اپنے باپوں کو اپنے بزرگوں کو دوہرے معیار قائم کرتے دیکھا ہوتا ہے دوعملی کرتے ہوئے دیکھا ہوتا ہے۔ جب ان کے بچوں کے ذہن میں شیطان یہ بات ڈال دے کہ اگر خدا ہوتا تو تمہارا باپ جو یہ دو عملیاں کر رہا ہے اس کو پکڑ نہ لیتا۔ تو دیکھیں اس کے بڑے بھیانک نتائج سامنے آسکتے ہیں اگر انسان سوچے تو خوفزدہ ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔ اگر اب بھی ہم نے اپنے گھر کے رَاعِی بننے کا حق ادا نہ کیا، تو مرنے کے بعد خدا تعالیٰ کو کیا منہ دکھائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے حضور جب حاضر ہوں گے تو خدا تعالیٰ پوچھے گا نہیں کہ تم نے دعویٰ تو یہ کیا تھا کہ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ، ہم اللہ کے انصار ہیں۔ کیا اللہ کے انصار ایسے ہوتے ہیں۔ تم اللہ تعالیٰ کے کاموں میں مددگار بننے کی بجائے اپنی اولادوں کو بھی اللہ تعالیٰ سے دور ہٹانے والے بن رہے ہو۔۔۔۔۔۔ بلکہ تمہارے نمونہ کی وجہ سے تمہاری اولادوں میں نمازوں کی عادت نہیں پڑی، تمہاری اولادوں میں قرآن کریم پڑھنے کی عادت نہیں پڑی، تمہاری اولادوں میں دین کی غیرت نہیں ابھری، ایسی غیرت کہ وہ جوانی میں بھی اپنی ذاتی اناؤں اور ذاتی خواہشات کو قربان کرنے والے ہوں۔ اگر تمہاری بیوی، تمہاری بہو، تمہارے حسنِ سلوک اور عبادت گزاری کی گواہی نہیں دیتیں تو صرف مختلف مواقع پر یہ اعلان کر دینا کہ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ. اس کا تو کوئی فائدہ نہیں ہے۔۔۔۔۔ اگر خاموشی سے بھی، زبان سے کچھ کہے بغیر بھی تمہارے عملی نمونہ سے کسی کی اصلاح ہوتی ہے اور اس وجہ سے دوسرے کے دل میں بھی اللہ تعالیٰ کے دین کی عظمت بڑھ رہی ہے تو یہ ایسے لوگ ہیں جو خاموشی سے بھی، کچھ کہے بغیر بھی انصاراللہ ہونے کا حق ادا کر رہے ہونگے۔

(سبیل الرشاد جلد چہارم صفحہ 50-49)

☆ یاد رکھیں کہ انصاراللہ کی سب سے اہم ذمہ داری نئی نسل کی تربیت ہے۔ اگر انصار اپنے بچوں کی اسلامی تعلیمات کے مطابق تربیت کرنے میں کامیاب ہو جائیں تو وہ ایک اہم مقصد کو حاصل کرنے والے ٹھہریں گے۔ اس کے لئے آپ کو نیک نمونہ اختیار کرنے کی ضرورت ہے جب تک آپ کا اپنا نمونہ ٹھیک نہ ہوگا آپ اپنی اولاد کی تربیت کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ اس لئے آپ کا فرض ہے کہ خدا کی محبت اپنے دلوں میں بٹھائیں۔ ہر وہ کام کریں جو آپ کو خدا سے ملانے والا ہے اور ہر اس کام سے باز رہیں جو خدا سے دور لے جانے والا ہے۔ اگر آپ نے اپنے دلوں میں خدا کی خالص محبت پیدا کر لی اور خدا کو اپنے دلوں میں بٹھا لیا تو آپ کے بچوں کے دل بھی اس کی محبت سے بھر جائیں گے پس اپنے نیک نمونے کے ساتھ اپنے بچوں کے دلوں میں خدا تعالیٰ کی محبت پیدا کریں۔ ہمارا عملی نمونہ ہی ہے جو ہمارے بچوں کے دلوں پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔ عملی حالت کا عمدہ ہونا بہت ضروری ہے۔

(سالانہ اجتماع جرمنی 2006)

☆ اپنی زندگیوں کو قرآنی تعلیمات اور رہنمائی کے سانچے میں ڈھالیں۔ آنحضرت ﷺ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی سنت کی پیروی کریں۔ دُنیا میں قیام امن کا حصول صرف اسلامی تعلیمات پر عمل سے ہی ممکن ہے کیونکہ خود اللہ تعالیٰ نے اس مذہب کا نام اسلام رکھا ہے جس کا مطلب امن ہے۔ حضور نے فرمایا کہ پُر امن معاشرے کے قیام کے لیے نفرتوں کو مٹا کر محبت کا پرچار کریں۔ لائبریرین انصار سے مخاطب ہوتے ہوئے حضورِ انور نے فرمایا! یہ اللہ تعالیٰ کا ایک بڑا فضل ہے اور دنیا اس کے لئے ترس رہی ہے تمام برکتیں امامِ جماعت سے وفاداری میں ہی ہیں وہی تمام مصیبتوں اور دکھوں کے خلاف آپ کی ڈھال ہیں ہماری تمام ترقیات خلافت سے مضبوط تعلق پر منحصر ہیں۔

(سالانہ اجتماع لائبیریا 2008)

جھوٹے کا چہرہ نہیں ہے۔

(تاریخ انصاراللہ جلد دوئم ص:43-44)

☆ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ 2 مارچ 1980ء کو کراچی کی مجلس انصاراللہ کے ممبران میں تشریف فرما ہوئے۔ اس موقعہ پر آپ نے انصاراللہ کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ ایک آبی جانور مگ ہے۔ جب یہ ڈار کی صورت میں پرواز کرتا ہے تو ایک بڑا مگ سب سے آگے ہوتا ہے، وہ اپنے ہم جنس قافلہ کی قیادت کرتا ہے۔ کچھ عرصہ کے بعد جب وہ تھک جاتا ہے تو اپنی پوزیشن نمبر ایک چھوڑ دیتا ہے اور پیچھے ایک اور مگ اُس کی جگہ قیادت کے لئے آجاتا ہے سب سے مشکل پرواز اس قائد مگ کی ہوتی ہے فرمایا انصاراللہ کی مثال اس گروہ کی ہے جو یکے بعد دیگرے آگے آتے اور Lead کرتے ہیں۔ یہ جماعت کے قائد ہیں۔ اس سے پیچھے خدام الاحمدیہ ہیں۔ انصاراللہ کی ذمہ داری ہے کہ یہ خدام کی راہ کو ہموار کریں ان کی کوششوں اور سعی کو آسان بنانا انصار کی ذمہ داری ہے فرمایا Lead کرنے والے مگ کا کام پچھلوں کے لئے سہولت پیدا کرنا ہے۔ جماعت احمدیہ میں مختلف Age group بنا دیئے ہیں۔ ان تنظیموں میں سب سے اہم اور مشکل ذمہ داری بعض لحاظ سے انصاراللہ کی ہے۔ ان کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ ’’ وہ اسلام کو دلائل کے ساتھ، نشانات کے ساتھ، معجزات کے ساتھ، محبت کے ساتھ، پیار کے ساتھ، حسنِ اخلاق کے ساتھ، بے لوث خدمت کے ساتھ اسلامی حُسن کو دنیا کے سامنے پیش کریں۔ ‘‘ اسلام کی قوتِ احسان کو وہ اپنے اندر جذب کر کے دنیا کو مقناطیس کی طرح اپنی طرف کھینچیں۔ ہر احمدی نے ہر غیر مسلم کے لئے جذب پیدا کرنا ہے اور اُسے اسلام کی طرف لانا ہے۔

(تاریخ انصاراللہ۔ جلد دوئم ص 74-75)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ فرماتے ہیں!

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جہاد کے جو طریق بتائے ہیں ان پر عمل کرنے سے فتح و نصرت لازماً قدم چومے گی۔

☆ اللہ کی شان دیکھیں جب خدا کے فضل سے انصار جوان ہونے کا ارادہ کرتے ہیں تو خدا کے فرشتے اوپر سے جوانی کا حکم دے دیتے ہیں کہ ہو جاؤ جوان! اس لئے آپ اپنی ہمتیں جوان کریں۔ آپ پر اللہ کے فضل نازل ہوں گے اور ہر لحاظ سے اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے گا

(اجتماع انصاراللہ 1982)

☆ انصاراللہ کی جو ذمہ داریاں ہیں ۔۔۔۔ وہ باقی ساری مجالس سے زیادہ ہیں۔ انصار کی عمر وہ عمر ہے جس کے بعد کسی اور مجلس میں شامل نہیں ہونا بلکہ دوسری دنیا کی طرف رخصت ہونا ہے اس لئے جو دینی کاموں میں کمزوریاں رہ گئی ہیں ان کو دور کرنا اور ان کا ازالہ کرنا جس حد تک ممکن ہے انصار کو کرنا چاہیے کیونکہ پھر اس کے بعد دوبارہ یہاں واپس نہیں آنا۔ اور اس پہلو سے خدام اور دوسرے ذیلی شعبوں سے مجلس انصاراللہ کو زیادہ مستعد ہونا چاہیے اور زیادہ ان کے دل پر بوجھ پڑنا چاہیے۔ دوسرا یہ کہ انصار کی ذمہ داریوں میں طبعی طور پر ان سے نچلی تمام نسلوں کی ذمہ داریاں داخل ہیں۔ بچوں کی تربیت میں بھی انصار سب سے اچھا کردار ادا کر سکتے ہیں، خواتین کی تربیت میں بھی انصار سب سے اچھا کردار ادا کر سکتے ہیں اس میں بالعموم نفس کی ملونی کا خطرہ باقی نہیں رہتا۔ اس پہلو سے مجلس انصاراللہ کو مستعد بھی ہونا چاہیے اور اپنی ذیلی تنظیموں کی تربیت پر بھی نظر رکھنی چاہیے۔ تربیت کے لحاظ سے ذمہ داری ادا کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ خدام الاحمدیہ کے انتظام میں دخل دیں، لجنہ کے انتظام میں دخل دیں۔ بلکہ گھر کے بڑوں کے طور پر ایک معزز شہری کے طور پر جس حد تک نیک نصیحت کے ذریعے وہ اپنی نچلی نسلوں کی تربیت کے کام سرانجام دے سکتے ہیں ان کو دینے چاہئیں

(الفضل انٹرنیشنل 23 دسمبر 1994ء)

☆ پس انصار بھائیو! تربیت کے اس پہلو یعنی اولاد کی تعلیم و تہذیب سے بھی غافل نہ ہوں۔ اُن کے اخلاق کو آراستہ کریں۔ انہیں ذمہ داریوں کے اُس بار کو اُٹھانے کے قابل بنائیں جو کل ان کے کندھوں پر رکھا جانے والا ہے۔ اُن کے اندر نورالدین کی سی اطاعت ہو، تو صاحبزادہ عبداللطیف جیسی جرأت، بابو فقیر علی اور منشی اروڑے خان جیسی دیانت ہو تو مولانا شیر علی جیسا زُہد انہیں نصیب ہو۔ مولانا برہان الدین جیسی بے نفسی ہو تو منشی ظفر احمد اور منشی رستم علی جیسا ایثار۔ کل سماء احمدیت کی رونق یہ ہوں گے۔ جبینِ احمدیت کا جھومر یہی بنیں گے اور آنے والی نسل کے شاہسوارو! تم سے کہتا ہوں۔

جوانو! اَب تمھارے ہاتھ میں تقدیر عالم ہے
تمھیں ہو گے فروغِ بزمِ امکاں، ہم نہیں ہونگے

(تاریخ انصاراللہ جلد سوئم ص:37)

☆ اصلاح کا جو منبع ہے وہ آپ کا دل ہے۔ آپ کے دل میں اگر حسن ہوگا تو آپ اصلاح کر سکیں گے اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے۔ سختی کے ذریعہ بدی کو روکنے کا کہیں کوئی حکم نہیں ملتا ہاں حسن کے ذریعے بُرائی روکنے کا حکم ہے۔ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ حسن میں یہ طاقت ہے اور حسین چیزوں میں یہ طاقت ہے کہ وہ بدیوں کو دھکیل کر باہر نکال دیں۔ اس لئے آپ کو ایسی طاقتور خوبیاں اپنے اندر پیدا کرنی ہوں گی اور ایسے طاقتور حسین ذرائع اختیار کرنے ہوں گے جن کے ذریعے بدیاں لازماً ان جگہوں کو چھوڑ جائیں جہاں آپ کا حسن داخل ہونا شروع ہو جائے۔

(خطبہ جمعہ 10 فروری 1989)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں!

انصاراللہ کے عہد میں بیان شدہ ذمہ داریوں کو ہمیشہ نبھانا ہے۔

☆ وہ ذمہ داریاں اجمالاً انصار کے عہد میں بیان کر دی گئی ہیں جسے آپ اپنے ہر

کے لئے قربانی اور فدائیت کا جذبہ ان میں ترقی کرے۔ پس کوشش کرو کہ خدا تمھیں دائمی روحانی حیات بخشے اور کوشش کرو کہ تم اپنے پیچھے نیک اور پاک نسلیں چھوڑ کر جاؤ تا کہ جب تمھاری موت کا وقت آئے تو تمھاری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور تمھاری زبان اللہ تعالیٰ کی حمد کر رہی ہو۔

(نواں سالانہ اجتماع انصاراللہ ربوہ 1963)

حضرت امیر المومنین کے خطبات وتقاریر کا خلاصہ یہ ہے کہ انصاراللہ کی تنظیم اس غرض کے لئے قائم کی گئی ہے کہ وہ

☆ جماعت میں نیکی وتقویٰ پیدا کرے، اسلامی عقائد کو ذہن نشین کرائے، اعمال خیر کی ترویج میں کوشاں ہو اور اچھی تربیت کے سامان پیدا کرے۔

☆ نمازوں کے قیام کی طرف خصوصی توجہ کرے۔

☆ قرآن کریم کے سیکھنے اور سکھانے کا اہتمام کرے اور احکام شریعت کی حکمتیں لوگوں پر واضح کرے۔

☆ اجتماعی اور انفرادی تبلیغ بالخصوص رشتہ داروں کو تبلیغ کرنے کی طرف متوجہ ہو۔

☆ خدمتِ خلق کے کاموں میں حصہ لے۔

☆ قوم کی دنیوی کمزوریوں کو دور کر کے اسے ترقی کے میدان میں آگے بڑھائے۔

☆ جماعت میں بیداری پیدا کرنے اور اسے قائم رکھنے کی کوشش کرے اور اس غرض کے لئے دوسری تنظیموں سے تعاون کرے تا کہ جماعتی اتحاد میں کوئی رخنہ واقع نہ ہو۔

(تاریخ انصاراللہ جلد اول۔ص:78)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ فرماتے ہیں!

☆ ایک خاص بات اپنے انصار بھائیوں کی خدمت میں یہ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ جب کوئی شخص آپ کی بات نہیں مانتا۔ اس وقت آپ اپنے ردِعمل کا جائزہ لیا کریں۔ کیا وہ بات غصہ پیدا کر رہی ہے یا رحم پیدا کر رہی ہے۔ جب بھی ایک نصیحت کرنے والے کی نصیحت پر عمل نہیں کیا جاتا اور نصیحت کرنے والا غصہ اور نفرت محسوس کرتا ہے تو وہ سمجھ لے کہ اس کی سڑک بدل چکی ہے۔ وہ ناصحین کی سڑک چھوڑ بیٹھتا ہے۔ غضب آپ کا کام نہیں ہے نصیحت نہ ماننے والے پر آپ کا کام ہے دکھ محسوس کرنا جو رحمت کے نتیجے میں پیدا ہوتا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے اپنے اشد ترین دشمنوں کے لئے بھی یہ معلوم کرنے کے بعد اور اللہ سے یہ خبر پانے کے بعد کہ دشمن ہلاک ہونے والے ہیں کیا محسوس فرمایا؟ غصہ اور نفرت؟ اور یہ کہ جائیں جہنم میں مجھے کوئی پرواہ نہیں۔ میں نے جو کچھ کرنا تھا کر لیا۔ ہرگز نہیں۔ جو محسوس فرمایا اس کی کیفیت کا میں اور آپ ادنیٰ اور ذلیل انسان تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ہاں اللہ جانتا ہے کہ اس نے یہ گواہی دی قرآن کریم میں فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا۔ اے محمد مصطفیٰ! اے میرے محبوب! کیا تو نے ان لوگوں کی خاطر جن کو میں نے ہلاک کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ جن کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ تیرے انکار کی بناء پر ہلاک ہو رہے ہیں، اتنا دکھ محسوس کر رہا ہے کہ گویا غم سے اپنے آپ کو ہلاک کر لے گا۔ پس جب آپ نصیحت کریں تو بار بار نصیحت کریں، گریہ وزاری کے ساتھ نصیحت کریں، نہ تھکیں، نہ ماندہ ہوں، کوئی بُرا کہے تب بھی نصیحت کریں، نصیحت کرتے چلے جائیں، چندہ نہیں دیتا تب بھی نصیحت کریں، بُری باتیں آگے سے کرتا ہے تب بھی رحم محسوس کریں، اور اگر آپ یہ کریں گے تو یہ اسوہ حسنہ محمد مصطفیٰؐ کا ہے۔ یہ شکست کے نام سے آشنا نہیں ہے۔ یقیناً اور یقیناً آپ غالب آجائیں گے۔ یہ وہ نصیحت ہے جس کے بارے میں خدا فرماتا ہے۔ اِنَّا فَعَتِ الذِّكْرَ

(تاریخ انصاراللہ جلد دوئم ص: 39-38)

☆ انصاراللہ کے ہر ایسے کارکن کا فرض ہے جس کے سپرد اصلاح وارشاد کا کام کیا گیا ہے۔ کہ سب سے پہلے وہ فہرستیں بنائے جو لوگ تبلیغ نہیں کرتے ان کے نام لکھے۔ ان سے کہو کہ بتاؤ اب کن کو تبلیغ شروع کرو گے اور خاص طور پر نگرانی رکھے کہ وہ کام شروع ہو چکے ہیں کہ نہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے دعا کے لئے بار بار تحریک کی جائے۔ کارکن خود ان کے لئے دعا کریں اور ان سے بھی کہیں کہ دعا کے بغیر پھل نہیں لگے گا۔ حضرت اقدس خلیفۃ المسیح کی خدمت میں دعا کے لئے خطوط لکھیں۔ ان کو مرکز میں لانے کی کوشش کریں کیونکہ مرکز میں بعض دفعہ حضرت اقدس کی محض زیارت ہی وہ کام کر جاتی ہے جو آپ کے سارے سال کی محنت نہیں کرتی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں!

میں آج آپ کے سامنے صرف ایک واقعہ بیان کرتا ہوں۔ ایک نہایت کٹر علاقے کے لاہور کے ایک مولوی صاحب ایک دفعہ تشریف لائے جن کے چہرے پر خشونت اور نفرت کے آثار نمایاں تھے مجھے خوف پیدا ہوا کہ احبابِ جماعت بغیر ان کو سمجھائے بجھائے اس حالت میں یہاں ربوہ لے آئے ہیں اور حضرت صاحب کی خدمت میں پیش کرنے کا ارادہ کیا لیکن یہی مولوی صاحب اس کے بعد جب مجھے ملے یعنی ملاقات کے بعد تو چہرے کی کیفیت ہر پہلو سے بدل چکی تھی۔ آنکھوں میں وہ ڈاڑھی جو بھیانک لگتی تھی نہایت ہی پیاری اور دیدہ زیب نظر آرہی تھی۔ ایک ایک بال محبت کا پیغام تھا۔ مجھے بہت تعجب ہوا۔ میں نے ان کو دیکھ کر کہا کہ مولوی صاحب آپ کو کیا ہوا ہے۔ کہنے لگے میں نے بیعت کر لی ہے۔ اور میرا تعجب سمجھ گئے۔ میں نے کہا آپ نے تو پوچھا ہی کچھ نہیں۔ آپ نے تو مجھ سے وقت لیا تھا کہ میں مسائل سمجھنے کے لئے آؤں گا آپ تو اس لئے آئے ہیں۔ کہنے لگے میرے سارے مسائل حل ہو گئے۔ کس طرح حل ہوئے ؟ کہنے لگے میں عصر کی نماز میں وہاں بیٹھا جہاں سے حضرت خلیفۃ المسیح داخل ہوا کرتے ہیں۔ خدا کی قسم کوئی اور دلیل کام نہیں کر سکی۔ وہ چہرہ میں نے دیکھا اور میرا دل ایمان سے بھر گیا اور ایک لمحہ کے لئے بھی شک نہ رہا۔ میں نے کہا یہ چہرہ سچے کا چہرہ ہے

انصاراللہ کی ذمہ داریاں

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی جماعت کے بارے میں فرماتے ہیں!

’’ اس زمانہ میں جس میں ہماری جماعت پیدا کی گئی ہے کئی وجوہ سے اس جماعت کو صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشابہت ہے۔ وہ معجزات اور نشانوں کو دیکھتے ہیں جیسا کہ صحابہؓ نے دیکھا، وہ خدا تعالیٰ کے نشانوں اور تازہ بتازہ تائیدات سے نور اور یقین پاتے ہیں جیسا کہ صحابہؓ نے پایا، وہ خدا کی راہ میں لوگوں کے ٹھٹھے اور ہنسی اور لعن طعن اور طرح طرح کی دلآزاری اور بدزبانی اور قطع رحم وغیرہ کا صدمہ اٹھا رہے ہیں جیسا کہ صحابہؓ نے اُٹھایا، وہ خدا کے کھلے کھلے نشانوں اور آسمانی مددوں اور حکمت کی تعلیم سے پاک زندگی حاصل کرتے جاتے ہیں جیسا کہ صحابہ نے حاصل کی۔ بہتیرے ان میں سے ہیں کہ نماز میں روتے اور سجدہ گاہوں کو آنسوؤں سے تر کرتے ہیں جیسا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم روتے تھے۔ بہتیرے ان میں ایسے ہیں جن کو سچی خوابیں آتی ہیں اور الہام الٰہی سے مشرف ہوتے ہیں جیسا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہوتے تھے۔ بہتیرے ان میں ایسے ہیں کہ اپنے محنت سے کمائے ہوئے مالوں کو محض خدا تعالیٰ کی مرضات کے لئے ہمارے سلسلہ میں خرچ کرتے ہیں جیسا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم خرچ کرتے تھے۔ ان میں ایسے لوگ کئی پاؤ گے کہ جو موت کو یاد رکھتے اور دلوں کے نرم اور سچی تقویٰ پر قدم مار رہے ہیں جیسا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی سیرت تھی، وہ خدا کا گروہ ہے جن کو خدا آپ سنبھال رہا ہے اور دن بدن ان کے دلوں کو پاک کر رہا ہے اور ان کے سینوں کو ایمانی حکمتوں سے بھر رہا ہے اور آسمانی نشانوں سے ان کو اپنی طرف کھینچ رہا ہے جیسا کہ صحابہؓ کو کھینچتا تھا، غرض اس جماعت میں وہ ساری علامتیں پائی جاتی ہیں جو اٰخرین منھم کے لفظ سے مفہوم ہو رہی ہیں اور ضرور تھا کہ خدا تعالےٰ کا فرمودہ ایک دن پورا ہوتا۔‘‘

(روحانی خزائن جلد نمبر 14 ص 306، 307 ایام الصلح)

محترم قارئین! حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے احبابِ جماعت کے لئے جو معیار مقرر کیا ہے اُس کی روشنی میں خلفائے احمدیت نے انصاراللہ سے کیا توقعات وابستہ کی ہیں اور اس کے حصول کے لئے کیا کیا ذمہ داریاں متعین کی ہیں اُس کی چند جھلکیاں پیشِ خدمت ہیں۔

سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بانی مجلس انصاراللہ فرماتے ہیں!

☆’’ یاد رکھو تمہارا نام انصاراللہ ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے مددگار۔ گویا تمہیں اللہ تعالیٰ کے نام کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ ازلی اور ابدی ہے اس لئے تم کو بھی کوشش کرنی چاہیئے کہ ابدیت کے مظہر ہو جاؤ۔ تم اپنے انصار ہونے کی علامت یعنی خلافت کو ہمیشہ ہمیش کے لئے قائم رکھتے چلے جاؤ اور کوشش کرو کہ یہ کام نسلاً بعد نسلٍ چلتا چلا جائے۔‘‘

(الفضل 24 مارچ 1957ء)

☆’’ آپ کا نام انصاراللہ اس لیے رکھا گیا ہے کہ جہاں تک ہو سکے آپ دین کی خدمت کی طرف توجہ کریں اور یہ توجہ مالی لحاظ سے بھی ہوتی ہے اور دینی لحاظ سے بھی ہوتی ہے۔ دینی لحاظ سے آپ لوگوں کا فرض ہے کہ عبادت میں زیادہ سے زیادہ وقت صرف کریں اور دین کا چرچا زیادہ سے زیادہ کریں تا کہ آپ کو دیکھ کر آپ کی اولادوں میں بھی نیکی پیدا ہو جائے..... آپ لوگوں کو ہمیشہ خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کرنی چاہیے اور اپنی اولادوں کو بھی ذکرِ الٰہی کی تلقین کرتے رہنا چاہیے۔‘‘

(الفضل 6 نومبر 1955)

تا توانی جہد کن از بہر دیں با جان و مال تا زرب العرش یابی خلعت صد آفریں

(کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

☆ انصاراللہ کی تنظیم درحقیقت اسی غرض کے لئے قائم کی گئی ہے کہ آپ لوگ خدمتِ دین کا پاک اور بے لوث جذبہ اپنے اندر زندہ رکھیں اور وہ امانت جسے آپ نے اپنے بچپن اور جوانی میں سنبھالا اور اسے ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رکھا اس کی اب پہلے سے بھی زیادہ نگہداشت کریں اور اپنے بچوں اور نوجوانوں کو بھی اپنے قدم بقدم چلانے کی کوشش کریں بے شک ان کی تنظیمیں الگ الگ ہیں لیکن اطفال الاحمدیہ آخر آپ کے ہی بچے ہیں اور خدام بھی کوئی علیحدہ وجود نہیں بلکہ آپ لوگوں کے ہی بیٹے اور بھائی ہیں۔ پس جس طرح ہر باپ کا فرض ہے کہ وہ اپنی اولاد کی تربیت کرے اسی طرح انصاراللہ کا بھی فرض ہے کہ وہ اپنی جماعت کے بچوں اور نوجوانوں کے حالات اور ان کے اخلاق کا جائزہ لیتے رہیں اور اگر خدانخواستہ ان میں کوئی کمزوری دیکھیں تو نرمی اور محبت کے ساتھ اس کو دور کرنے کی کوشش کریں اور اپنی ظاہری جدو جہد کے ساتھ ساتھ دعاؤں سے بھی اللہ تعالیٰ کی تائید اور اس کی نصرت کو جذب کریں اور سب سے بڑھ کر اپنا نیک نمونہ ان کے سامنے پیش کریں تا کہ ان کی فطرت کا مخفی نور چمک اُٹھے اور دین

Majlis Ansarullah Belgium

Past and Present (Alhamdolillah)



مجلس انصاراللہ حاصل کرنے کی توفیق پائی جو اس مجلس کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے۔الحمدللہ. مسابقت کی روح پیدا کرتے ہوئے 2018ء میں مجلس میرکسم اور 2019ء میں مجلس سنتروئیدن نے علمِ انعامی حاصل کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔

تبلیغی مساعی

بانیٔ مجلس انصاراللہؑ نے ایک موقع پر فرمایا۔ "خدا تعالیٰ کے دین کی اشاعت اور احمدیت کی ترویج کے لیے دن رات کوشش کرتے رہیں۔"
(سبیل الرشاد جلد اول، صفحہ 30)

چنانچہ مجلس انصاراللہ خلیفۃ المسیح کی رہنمائی سے تبلیغ اسلام کے لیے مختلف طریق اختیار کرنے کی کوشش کرتی ہے جن میں سے چند ایک کا ذکر کرنا مناسب ہوگا۔

سالِ نو تقریبات اور پھولوں کے تحائف

جماعت کے تعارف اور معاشرتی اور مذہبی ہم آہنگی کی فضاء پیدا کرنے کی غرض سے سال 2017ء سے مجلس نے نئے سال اور کرسمس کی تقریبات کے موقع پر انتظامیہ کی اجازت سے گرجا گھروں میں آنے والے شرکاء کو جماعت کا تعارف اور پھولوں کے تحائف پیش کرنے کے طریق کا آغاز کیا اور پہلے سال دو (2) شہروں کے چھ(6) گرجا گھروں میں آنے والے پندرہ سو(1500) شرکاء کو پھولوں کے تحائف پیش کئے گئے۔الحمدللہ۔

بلجیئم کا قومی دن اور مجلس انصاراللہ

قارئین وطن سے محبت ایمان کا حصہ ہے۔اس خوبصورت تعلیم کو اس معاشرے میں متعارف کرانے اور اس کے عملی اظہار کے لئے مجلس انصاراللہ 2018ء سے 21 جولائی (بیلجیئم کے قومی دن) کو ہر اس شہر جہاں مجلس قائم ہے منا رہی ہے۔اس موقع پر ہر ناصر اپنے گھر پر بیلجیئم کا قومی پرچم آویزاں کرتا ہے۔ نیز مقامی انتظامیہ کے تعاون سے قومی دن کی تقریبات منعقد کی جاتی ہیں جن میں اُس شہر کے میئر صاحب کے علاوہ ممبر پارلیمنٹ صحافی اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک ہوتے ہیں اور بعض مقامات پر ٹی وی چینلز بھی ان پروگراموں کو نشر کرتے ہیں۔

مجلس انصاراللہ کی دیگر تبلیغی کاوشیں

مجلس کی دیگر تبلیغی مساعی میں امن مارچ، بین المذاہب کانفرنسز، شجرکاری، قرآنِ کریم کی نمائشیں، تبلیغی بک سٹالز اور پمفلٹس کی تقسیم کے پروگرامز قابلِ ذکر ہیں۔اللہ تعالیٰ مجلس کی ان حقیر کوششوں کو قبول فرمائے اور بہتر سے بہتر انداز میں خدمتِ دین کی توفیق بخشے۔آمین

تاریخی سالانہ اجتماع

مجلس انصاراللہ کی تاریخ کا روشن ترین باب خلافت احمدیہ جوبلی سال کے موقع پر 19،18 اکتوبر 2008ء میں منعقد ہونے والا تاریخی سالانہ اجتماع ہے جس میں ہمارے پیارے امام سیّدنا حضرت میرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہِ شفقت بنفسِ نفیس رونق افروز ہوئے اور اپنے دیدار اور روح پرور خطاب سے نوازا۔الحمدللہ علی ذالک. یہی وہ تاریخی اجتماع ہے جس میں پہلی مرتبہ بیلجیئم کے جھنڈے کے ساتھ لوائے انصاراللہ بھی لہرایا گیا۔

ڈائمنڈ جوبلی اجتماع 2015ء

مجلس انصاراللہ عالم گیر نے 2015ء میں مجلس انصاراللہ کے قیام کے 75 سال پورے ہونے کی خوشی میں ڈائمنڈ جوبلی سال کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا چنانچہ دیگر ممالک کی مجالس انصاراللہ کی طرح مجلس انصاراللہ بیلجیئم نے بھی اس تاریخی موقع کی مناسبت سے مختلف پروگرام منعقد کیے جن میں سے بڑا اور مرکزی پروگرام 24 اور 25 اکتوبر 2015ء کا منعقد ہونے والا سالانہ اجتماع تھا جس کا theme ہی "ڈائمنڈ جوبلی اجتماع" تھا اور اس اجتماع کے پروگرام کے لیے بینرز، سٹیکرز، بال پین اور بیجز وغیرہ اسی مناسبت سے تیار کیے گئے تھے۔

اس تاریخی اجتماع میں چار ممالک کی مجالس انصاراللہ کے صدران و نمائندگان کے علاوہ برطانیہ سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے سیکرٹری صاحب برائے مجلس انصاراللہ مکرم ومحترم عبدالخالق صاحب نے ایک وفد کے ہمراہ خصوصی طور پر شرکت فرما کر اجتماع کو رونق بخشی۔الحمدللہ

شجرکاری مہم

مغربی ممالک میں ماحولیاتی آلودگی کے بچاؤ کو خاص اہمیت حاصل ہے اور اس ضمن میں شجرکاری مقامی حکومتوں اور مقامی آبادی کے ساتھ خوشگوار تعلقات استوار کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔10 اپریل 2011ء کو مجلس انصاراللہ نے مجلس خدام الاحمدیہ کے تعاون سے حکومت کی طرف سے سپانسر کردہ پروگرام کے مطابق شجرکاری مہم کا آغاز کیا جس میں مقامی تنظیموں کے تقریباً 50 افراد جن میں سکولوں کے بچے بھی شامل تھے۔55 انصار اور 51 خدام نے 3500 پودے لگائے یہ شجرکاری دن بھر جاری رہنے کے بعد شام 4:30 بجے اختتام پذیر ہوئی جس کے بعد مجلس کی طرف سے تواضع کے طور پر شاملین کو پلاؤ، چکن روسٹ، سلاد اور پانی پر مشتمل فوڈ پیک پیش کیے گئے۔افرادِ جماعت کے ساتھ مقامی لوگوں نے فیلڈ ہی میں اس کھانے کا لطف اٹھایا۔مقامی انتظامیہ نے اس پروگرام کو بہت سراہا اور 3500 درخت لگانے پر جماعت اور مجلس کا شکریہ ادا کیا۔الحمدللہ

مجلس انصاراللہ بیلجیئم کی تدریجی ترقی کے چند نمایاں پہلو

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس کے قیام سے لیکر آج تک تمام صدرانِ کرام مجلس انصاراللہ بیلجیئم نے اپنے اپنے ادوار میں حسبِ حالات نہایت اخلاص اور محنت سے مجلس کو تنظیمی اور تربیتی لحاظ سے ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور کوششیں کیں جن کے کامیاب نتائج سے آج ہم بہرہ مند ہو رہے ہیں۔الحمدللہ۔جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے کہ ابتداء میں انصار کی تعداد بہت کم تھی جو ملک کے مختلف شہروں میں رہائش پذیر تھے اور عموماً انصار سے رابطہ جمعۃ المبارک کے موقع پر برسلز مشن ہاؤس میں ہوتا تھا۔اسی وجہ سے مجلس کی تربیتی و تنظیمی سرگرمیاں بھی بہت محدود تھیں، اس کے بعد 2000ء کی دہائی میں جب چند مجالس قائم ہوگئیں تو بڑی محنت سے دستی یا پوسٹ کے ذریعہ خط وخطابت اور دورہ جات کر کے مجالس کی راہنمائی کی جاتی رہی۔ چنانچہ مجلس کے ابتدائی سات آٹھ سالہ دور کا تحریری ریکارڈ تو نہیں مل سکا لیکن سابق صدرانِ کرام سے حاصل کردہ معلومات کے مطابق اُس وقت سب سے اہم کام ملک کے مختلف حصوں میں پھیلے ہوئے انصار کا تنظیم کے ساتھ مظبوط تعلق اور رابطہ تھا۔اس مقصد کے لیے نماز جمعہ کے موقع پر انصار کے مناسب تعداد میں جمع ہونے کی صورت میں مختصر اجلاسِ عام بھی منعقد ہوتا تھا۔اسی دور میں بتدریج مجلس کے مالی نظام کا اجراء کیا گیا اور اس سلسلہ میں انصار کو مجلس کے چندہ کی ادائیگی کی طرف توجّہ دلائی گئی اور پہلی دفعہ رسید بکس چھپوا کر چندہ مجلس کی وصولی کا آغاز کیا گیا جو ایک اہم سنگِ میل تھا جس پر آئندہ مجلس کے مالی نظام کی مظبوط عمارت تعمیر ہونا تھی۔اسی دور میں انصار میں مطالعہ کے شوق کو بڑھانے کے لیے ''ماہنامہ انصاراللہ'' جاری کروایا گیا جو کہ اُس وقت ربوہ پاکستان سے یہاں پہنچتا تھا۔

سال 2004ء۔2005ء تک اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیلجیئم میں مجالس کی تعداد دس ہو چکی تھی چنانچہ تنظیمی اور تربیتی لحاظ سے مجلس کے کاموں میں وسعت پیدا ہونے کی وجہ سے صدر صاحب مجلس نے درج ذیل 4 صوبوں میں موجود مجالس کو 4 ریجن میں تقسیم کیا ان صوبوں کے نام یہ ہیں۔

BRABANT ANTWERPEN LIEGE LIMBURG

اس کے نتیجہ میں ریجنل سطح پر بھی تعلیمی و تربیتی کلاسز اور اسی طرح ریجنل اجتماعات کا آغاز ہوا اور انصار کی علمی اور تربیتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوا نیز ایک دوسرے کے ساتھ تعارف کے بھی مواقع پیدا ہوگئے۔اللہ تعالیٰ نے رابطوں کے جو جدید ذرائع پیدا کئے ہیں جن میں خاص طور پر انٹرنیٹ قابلِ ذکر ہے اس دور میں مجلس انصاراللہ بیلجیئم نے ان ذرائع کا استعمال شروع کیا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے جیسے جیسے یہ ذرائع ترقی کر رہے ہیں مجلس انصاراللہ بیلجیئم ان سے بھرپور فائدہ اُٹھا رہی ہے خاص طور پر اس کورونا وائرس کے دور میں واٹس ایپ آن لائن ویڈیو میٹنگز اور یوٹیوب وغیرہ کے ذریعہ مجلس کی سرگرمیاں جاری ہیں۔الحمدللہ

پہلا سالانہ اجتماع

مجلس انصاراللہ کے قیام کا اہم مقصد ہر ناصر کی روحانی اور اخلاقی تربیت کے لیے نہ صرف راہنمائی مہیا کرنا ہے بلکہ اجتماعی طور پر بھی تربیت کے مواقع پیدا کرنا ہے اسی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے مجلس انصاراللہ بیلجیئم نے محدود وسائل کے باوجود اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنا پہلا اور تاریخی اجتماع 1992ء میں جماعت احمدیہ بیلجیئم کے مرکزی مشن ہاؤس BRUSSEL-DILBEEK میں منعقد کیا جس میں تمام انصار کو شرکت کی توفیق ملی جن کی تعداد آٹھ (8) تھی۔الحمدللہ.

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ بیلجیئم آج تک (ماسوائے دو تین سالوں کے تعطل کے 2020ء میں کورونا وائرس جیسے موذی مرض کے پوری دُنیا میں پھیلاؤ کی وجہ سے تا حال دیگر ممالک کی طرح بیلجیئم میں بھی ہر قسم کے عوامی اجتماعات پر پابندی ہے) اپنا سالانہ اجتماع باقاعدگی سے منعقد کرنیکی توفیق پا رہی ہے۔الحمدللہ

مرکزی تعلیمی و تربیتی کلاس کا آغاز

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ بیلجیئم کی سب سے پہلی دو روزہ تعلیمی و تربیتی کلاس مورخہ 14، 15 جون 2003ء کو برسلز مشن ہاؤس میں منعقد ہوئی، اس کلاس میں 32 انصار نے شرکت کی توفیق پائی۔اس کلاس کا تاریخی پہلو یہ ہے کہ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دستخطِ مبارک سے خلافتِ خامسہ کے مبارک دور کا پہلا خط مجلس انصاراللہ بیلجیئم کو موصول ہوا جسے اس موقع پر پڑھ کر سُنایا گیا تمام سامعین اس پیار بھرے خط کو سن کر بہت خوش ہوئے اور آقا کے لیے دل سے دُعائیں اُٹھنے لگیں۔الحمدللہ.

مجلس شوریٰ انصاراللہ بیلجیئم کا آغاز

28 نومبر 2004ء میں مجلس نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے پہلی ایک روزہ مجلسِ شوریٰ کا انعقاد کیا۔بعدازاں ہر سال مجلس شوریٰ کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے

علم انعامی کا آغاز

مجلس انصاراللہ مرکزیہ کی 1956ء میں ہونے والی مجلس شوریٰ کی تجویز کو منظور فرماتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے مجالس کے درمیان مسابقت کی روح پیدا کرنے اور سال کے دوران بہترین کارکردگی پر اوّل آنے والی مجلس کے لیے علم انعامی کا اجراء فرمایا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ بیلجیئم کو 2014ء میں اس روایت کا آغاز کرنے کی توفیق ملی اور مجلس برسلز نے سب سے پہلے علمِ انعامی حاصل کرنے کا اعزاز پایا۔اس کے بعد 2015ء سے 2017ء تک مجلس لیئج نے مسلسل تین سال علمِ انعامی

صدرانِ کرام مجلس انصاراللہ بیلجیئم آغاز تا حال

1- مکرم ومحترم رضوان واندن بروک صاحب (1990-92ء)

2- مکرم ومحترم مرزا انعام اللہ بیگ صاحب (1993ء)

3- مکرم ومحترم رافع قریشی صاحب (1993-97ء)

4- مکرم ومحترم شیخ عطاربیؔ صاحب (1997-2004ء)

5- مکرم ومحترم مقصود الرحمٰن صاحب (2005ء)

(آپ صدر مجلس منتخب ہونے کے بعد فرانس منتقل ہو گئے)

6- مکرم ومحترم نعیم احمد شاہین صاحب (2005-09ء)

7- مکرم ومحترم منور احمد بھٹی صاحب (2010-15ء)

8- مکرم ومحترم این اے شمیم احمد صاحب (2016ء تا حال)

بیلجیئم میں قائم مجالس کا تعارف

مجلس کے شعبہ مال کے تحریری ریکارڈ سے معلوم ہوتا ہے کہ 1999ء۔2000ء افرادِ جماعت کی بڑی تعداد میں بیلجیئم ہجرت کے نتیجہ میں انصار کی تعداد میں بھی نمایاں اضافہ ہوا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیلجیئم کے دیگر شہروں میں بھی مجالس قائم ہو گئیں۔ الحمدللہ ان مجالس کا مختصر تعارف پیشِ خدمت ہے۔

نام مجلس	تاریخ قیام	زعیم مجلس	تجنید
برسلز	ستمبر 1999ء	مکرم واصف احمد بھٹی صاحب (مرحوم)	07
دیگر زعماء صاحبان: مکرم رانا طارق احمد صاحب، مکرم منیر احمد انجم صاحب، مکرم راجہ عبدالطیف صاحب			
انٹورپن	اکتوبر 1999ء	مکرم بشارت احمد ثاقب صاحب	04
دیگر زعماء صاحبان: مکرم محمد سعید صاحب، مکرم این اے شمیم احمد صاحب، مکرم شاہد محمود صاحب، مکرم نصیر احمد داؤد صاحب، مکرم وسیم احمد صاحب، مکرم طارق محمود چدھڑ صاحب			
لیج	فروری 2004ء	مکرم محمد سعید صاحب	04
دیگر زعماء صاحبان: مکرم اظہر الدین خندکر صاحب، مکرم داؤد احمد صاحب (مرحوم)، مکرم محمد سعید صاحب			
بیرنگن	ستمبر 1999ء	مکرم رانا زبیر احمد صاحب	04
دیگر زعماء صاحبان: مکرم نعیم احمد شاہین صاحب، مکرم سعید احمد صاحب، مکرم خاور احمد صاحب			

نام مجلس	تاریخ قیام	زعیم مجلس	تجنید
ہاسلٹ	نومبر 1999ء	مکرم محمد اکرم صاحب	06
دیگر زعماء صاحبان: مکرم نصیر احمد قریشی صاحب، مکرم اویس بن سعد صاحب، مکرم عبدالقدوس احمد صاحب، مکرم رانا بشارت احمد صاحب			
لیئر	جنوری 2000ء	مکرم ابوطاہر احمد صاحب	03
دیگر زعماء صاحبان: مکرم سعید احمد صاحب، مکرم ایس کے مغفور الرحمٰن صاحب، مکرم وحید احمد صاحب			
ایوپن	جنوری 2000ء	مکرم ومحترم رافع محمد قریشی صاحب	04
دیگر زعماء صاحبان: مکرم تنویر احمد خان صاحب، مکرم سکندر محفوظ اللہ صاحب، مکرم فرہان محمد خان صاحب			
سنت ترونیدون	فروری 2003ء	مکرم منور احمد بسراء صاحب (مرحوم)	04
دیگر زعماء صاحبان: مکرم محمد عارف صاحب، مکرم شیخ نوید احمد صاحب، مکرم رانا طارق احمد صاحب، مکرم مظفر احمد بٹ صاحب			
اوسٹنڈے	2004ء	مکرم طارق محمود کھوکھر صاحب	03
دیگر زعماء صاحبان: مکرم چوہدری مبشر احمد صاحب، مکرم محمد اقبال صاحب، مکرم خواجہ مقبول احمد صاحب، مکرم عبداللہ الامری صاحب			
برسلز ایسٹ	2014ء	مکرم عبدالطیف صاحب	35
دیگر زعماء صاحبان: مکرم چوہدری جمیل احمد، مکرم ملک خالد محمود صاحب، مکرم منیر احمد انجم صاحب، مکرم نوید انجم صاحب			
بیت الحبیب	2014ء	مکرم ملک مسعود اختر صاحب	25
دیگر زعماء صاحبان: مکرم احمد اسلم باجوہ صاحب			
میرکسم	2014ء	مکرم شاہد محمود صاحب	53
دیگر زعماء صاحبان: مکرم بشارت احمد ثاقب صاحب			
ٹرن ہاؤٹ	نومبر 1999ء	مکرم منور احمد جاوید صاحب (مرحوم)	04
دیگر زعماء صاحبان: مکرم عبدالمجید صاحب، مکرم اکبر احمد صاحب، مکرم بشیر احمد صاحب			
آلکن	جولائی 2019ء	مکرم میاں ارشد عاطف صاحب	18

مجلس انصاراللہ بیلجیئم

(قدم بہ قدم تاریخ کے آئینے میں)

قارئین کرم! ایک زندہ، پُرعزم اور منظّم قوم کے طور پر ترقی کی طرف گامزن رہنے اور اپنی نسلوں کو اس مقصد کے حصول کے لیے راہنمائی مہیا کرنے کے لیے اپنی تاریخ سے واقفیت حاصل کرنا کتنا اہم ہے اس سے متعلق بانیٔ مجلس انصاراللہ حضرت میرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے فرمایا:

’’ اقوام کی ترقی میں تاریخ سے آگاہ ہونا ایک بہت بڑا محرک ہوتا ہے اور کوئی ایسی قوم جو اپنی گذشتہ تاریخی روایات سے واقف نہ ہو کبھی ترقی کی طرف قدم نہیں مار سکتی۔ اپنے آباؤ اجداد کے حالات کی واقفیت بہت سے اعلیٰ مقاصد کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔‘‘

(از عرض حال، تاریخ انصاراللہ جلد سوم)

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سرزمین بیلجیئم ہمارے آقا و مولا حضرتِ اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے غلامِ صادق اور مامورِ زمانہ حضرت میرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح و مہدی و موعودؑ کے اس عظیم الشان الہام کہ ’’میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا‘‘ کی گواہ اُس وقت بنی جب حضرت میرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے بابرکت دورِ خلافت میں اِس سرزمین نے مبلّغِ احمدیت حضرت مولانا عبدالرحیم درد صاحب کے قدموں کی چاپ سُنی اور پھر جنگِ عظیم دوئم کے بعد 1981ء میں سیّدنا حضرت میرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالثؒ کے بابرکت عہدِ خلافت میں سیّدنا حضرت مسیحِ موعودؑ کے روحانی درختِ وجود کی ایک سرسبز شاخ جماعت احمدیہ کی صورت میں بیلجیئم میں بھی نمودار ہوئی جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے دن بہ دن تن آور درخت کے طور پر نشوونما پا رہی ہے اور اِس کے ساتھ مجلس انصاراللہ بیلجیئم بھی ذیلی تنظیم کے طور پر روز بہ روز ترقی کی منازل طے کر رہی ہے، الحمدللہ

مجلس انصاراللہ بیلجیئم کا قیام

بانیٔ مجلس انصاراللہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے مجلس کے قیام کے موقع پر یہ ہدایت فرمائی تھی کہ ’’ہر جگہ چالیس سال سے زائد عمر والوں کے لیے مجالس انصاراللہ قائم کرنی چاہئیں۔‘‘ تاکہ دُنیا میں جہاں بھی جماعت قائم ہو اِس عمر کے افراد کی روحانی اور اخلاقی تربیت کا سلسلہ جاری رہے۔ چنانچہ 1990ء وہ بابرکت سال ہے جس میں ’’مجلس انصاراللہ بیلجیئم‘‘ قائم کی گئی۔ الحمدللہ۔ مجلس کے قیام کے وقت مجلس کی تجنید سات (7) انصار پر مشتمل تھی۔ مجلس کو تنظیمی اور تربیت لحاظ سے مظبوط بنیادوں پر قائم کرنے کی غرض سے 1992ء میں مجلس کا آئین مرتب و منظور کیا گیا۔

مجلس انصاراللہ بیلجیئم کا ابتدائی دور

3 نومبر 1989ء سے پہلے دُنیا کی تمام مجالسِ انصاراللہ کا مرکزی دفتر صدر مجلس انصاراللہ مرکزیہ کے زیرِ نگرانی ربوہ (پاکستان) میں قائم تھا اس لیے مکرم و محترم صدر صاحب مجلس انصاراللہ مرکزیہ ربوہ (پاکستان) کی طرف سے ہر ملک میں ناظمِ اعلیٰ مجلس انصاراللہ کا تقرّر کیا جاتا تھا لیکن 3 نومبر 1989ء کے خطبہ جمعہ کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے یہ اہم اعلان فرمایا کہ ’’آج کے خطبے کے ذریعہ میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ آئندہ سے تمام ممالک کی ذیلی مجالس کے اسی طرح صدران ہوں گے جس طرح پاکستان کی ذیلی مجالس کے صدران ہیں اور وہ اسی طرح براہِ راست خلیفہ وقت کو اپنی آخری رپورٹس بھجوائیں گے جس طرح پاکستان کے صدران رپورٹیں بھجواتے ہیں‘‘ نیز فرمایا ’’اس سلسلے میں مَیں دُعا کی بھی تحریک کرنا چاہتا ہوں کیونکہ یہ جو قدم اُٹھایا ہے یہ صرف لمبے مشوروں کے بعد نہیں بلکہ بہت لمبی دُعا اور بہت غور کے بعد اور تعامل کے بعد اُٹھایا ہے اور اس آخری شکل میں جب تک مجھے پُوری طرح شرح صدر نصیب نہیں ہوا میں نے فیصلے کا اعلان نہیں کیا..... ساری جماعت سے میری درخواست ہے کہ دُعا کے ذریعہ بھی میری مدد کریں کہ اللہ تعالیٰ اس فیصلے کو درست اور بابرکت ثابت فرمائے اور کثرت کے ساتھ جماعت اس کی خیر کا پھل کھائے ..... ‘‘

(از تاریخ انصاراللہ جلد سوم صفحہ 348-349)

قارئین! مجلس انصاراللہ بیلجیئم کے قیام کیوقت انصار کی تعداد نہایت کم تھی اور جماعت بھی اپنے دور کے ابتدائی مراحل میں سے گذر رہی تھی اس لیے اُس وقت صدر مجلس کا باقاعدہ انتخاب نہیں ہوتا تھا چنانچہ مرکز اور محترم امیر صاحب کی راہنمائی سے مکرم و محترم رضوان واندن بروک صاحب (Rizwan van Den Broek) کو 1990ء پہلا صدر مجلس انصاراللہ بیلجیئم مقرّر کیا گیا اور آپ نے 1992ء تک بطور صدر انصار اللہ بیلجیئم کام کرنے کی توفیق پائی۔ الحمدللہ جبکہ 1999ء-2000ء سے مجلس انصاراللہ کے قواعد کے مطابق صدر مجلس کے انتخاب کے طریق کا آغاز ہوا۔

مجلس انصاراللہ کے قیام کا محرّک اور اغراض و مقاصد



مجلس انصاراللہ کے قیام کا محرّک

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جماعت کے انتظامی امور سہولت سے سرانجام دینے کی غرض سے ایک انجمن قائم فرمائی جس کا نام صدر انجمن احمدیہ رکھا گیا، لیکن حضرتِ اقدسؑ کے وصال کے بعد بدقسمتی سے اس انجمن کے بعض ممبران جو اپنے آپ کو بہت معزز اور اہم سمجھتے تھے اپنے مقام کو نمایاں کرنے کے لیے رفتہ رفتہ حضرت خلیفۃ المسیح کے احکامات کو پسِ پُشت ڈال کر من پسند کارروائیاں کرنے لگے جس سے ظاہر ہوتا تھا کہ وہ خلافت کے مقام کو گرانا چاہتے ہیں۔ انہی ایام میں حضرت مسیحِ موعودؑ کے فرزند حضرت صاحبزادہ مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحبؓ نے ایک رؤیا دیکھا کہ ایک بڑا محل ہے اور اس کا ایک حصّہ گرا رہے ہیں اور ہزاروں پتھیرے بڑی سُرعت کے ساتھ اینٹیں تھاپتے ہیں۔ آپ نے پوچھا یہ کون لوگ ہیں اور مکان کو کیوں گرا رہے ہیں؟ تو جواب ملا کہ یہ جماعت احمدیہ ہے اور اس کا ایک حصہ اس لیے گرا رہے ہیں تا پُرانی اینٹیں خارج کی جائیں اور بعض کچی اینٹیں پکی کی جائیں۔ اُس وقت آپ کے دل میں خیال گذرا کہ یہ پتھیرے فرشتے ہیں اور معلوم ہوا کہ جماعت کی ترقی کی فکر ہم کو بہت کم ہے بلکہ فرشتے ہی اللہ تعالیٰ سے اِذن پا کر کام کر رہے ہیں۔

انجمن انصاراللہ کا قیام: اِس رؤیا کے بعد حضرت صاحبزادہ میرزا بشیرالدین محمود احمد صاحبؓ کے دل میں یہ تحریک پیدا ہوئی کہ جماعت میں کونو انصاراللہ کی روح کو قائم رکھنے کے لیے ایک الگ انجمن قائم کی جائے۔ چنانچہ آپؓ نے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ سے اس انجمن کے قیام کی اجازت حاصل کی اور دعا و استخارہ کے بعد اس کا نام انجمن انصاراللہ تجویز کیا اور فروری 1911ء میں ایک مضمون ''من انصاری الی اللہ'' کے عنوان سے شائع کیا اور احباب کو اس انجمن میں شمولیت کی دعوت دی۔ اس مضمون کو پڑھنے کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ نے حضرت صاحبزادہ صاحبؓ سے فرمایا ''میں بھی آپ کے انصار میں شامل ہوں'' اس لحاظ سے حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاوّلؓ اس انجمن کے پہلے ممبر بنے۔

(انتخاب از تاریخ انصاراللہ جلد اول۔ صفحہ 17 تا 19)

مجلس انصاراللہ مرکزیہ کا باضابطہ قیام: 26 جولائی 1940ء کے خطبہ جمعہ کے موقع پر حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے چالیس سال سے زائد عمر کے مردوں کے لیے باقاعدہ طور پر مجلس انصاراللہ کے قیام کا اعلان فرمایا اور حضرت مولانا شیر علی صاحبؓ کو اس کا پہلا صدر نامزد فرمایا۔

مجلس انصاراللہ کے قیام کے 6 اغراض و مقاصد

بانیٔ مجلس انصاراللہ سیّدنا حضرت میرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے مجلس کے قیام کے مقاصد بیان کرتے ہوئے متوجّہ فرمایا۔

ان مجالس کا قیام میں نے تربیت کی غرض سے کیا ہے یاد رکھو اسلام کی بنیاد تقویٰ پر ہے، حضرت مسیحِ موعودؑ ایک شعر لکھ رہے تھے ایک مصرع آپ نے لکھا ''ہر اِک نیکی کی جڑ یہ اِتقاء ہے'' اُسی وقت دوسرا مصرعہ الہام ہوا '' اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے ''

ایمان بالغیب: پس مجلس انصاراللہ.. کا کام یہ ہے کہ جماعت میں تقویٰ پیدا کرنے کی کوشش کریں اور اس کے لیے سب سے پہلی ضروری چیز ایمان بالغیب ہے، انسان کے اندر بزدلی اور نفاق اُسی وقت پیدا ہوتے ہیں جب دل میں ایمان بالغیب نہ ہو۔

اقامت الصلوٰۃ: دوسری ضروری چیز نماز پُوری شرائط کے ساتھ ادا کرنا ہے.. اِس کی طرف ہمارے دوستوں کو خاص توجّہ کرنی چاہئے.. کئی لوگوں کے متعلق مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ خود تو نماز پڑھتے ہیں مگر اُن کی اولاد نہیں پڑھتی اولاد کو نماز کا پابند بنانا بھی اشد ضروری ہے۔

انفاق فی سبیل اللہ: تیسری چیز **ومما رزقنھم ینفقون** یعنی اللہ تعالیٰ نے جو کچھ دیا ہے اُس میں سے خرچ کیا جائے، خدا تعالیٰ نے انسان کو آنکھیں، ناک، کان اور ہاتھ پاؤں دیئے ہیں، پھر بڑا ہونے پر علم ملتا ہے، طاقت ملتی ہے ان سب میں سے تھوڑا تھوڑا خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم ہے۔ جو شخص پیسے تو خرچ کرتا ہے مگر اصلاح و ارشاد کے کام میں حصّہ نہیں لیتا وہ نہیں کہہ سکتا کہ اُس نے اِس حکم پر عمل کر لیا ہے

ایمان بالقرآن: اس کے بعد فرمایا **والذین یومنون بما انزل الیک** اِس میں ایمان بالقرآن کا حکم ہے مگر اس کو صرف ماننا ہی کافی نہیں بلکہ اِس کے ہر حکم کو اپنے اوپر حاکم بنانا بھی ضروری ہے۔

بزرگانِ دین کا احترام: اس کے بعد **ایمان بما انزل من قبلک** کا حکم ہے جس کے معنی ہیں کہ دوسروں کے بزرگوں کا جائز ادب اور احترام کرو گویا اس میں صلح کی تعلیم دی گئی ہے۔

یقین بالآخرۃ: آخری چیز یقین بالآخرت ہے اس کے دو معنی ہیں ایک تو مرنے کے بعد زندگی کا یقین ہے.. اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ انسان ایمان رکھے کہ خدا تعالیٰ مجھ پر بھی کلام نازل کر سکتا ہے.. اِس کے بغیر اللہ تعالیٰ کیساتھ محبت پیدا نہیں ہو سکتی۔

(انتخاب از تاریخ انصاراللہ جلد اوّل۔ صفحہ 68-65)

Rigional Nazmeen-Ala Majlis



Farid Yusuf sahib
(Reg. Nazim-e-Ala Antwerpen)



Fazal Muhammad Khan sahib
(Reg. Nazim-e-Ala Liege)



Malik Zafar Iqbal sahib
(Reg. Nazim-e-Ala Brabant)



Owais bin Saad sahib
(Reg. Nazim-e-Ala Limburg)

Zo'amaa Local Majalis Ansarullah Belgium



Abdullah al Amri sahib
(Za'im Majlis Oostende)



Mian Arshad Atif sahib
(Za'im Majlis Alken)



Basharat Ahmed Saqib sahib
(Za'im Majlis Merksem)



Bashir Ahmed sahib
(Za'im Majlis Turnhout)



Mohammad Saeed sahib
(Za'im Majlis Liege)



Farhan Muhammad Khan sahib
(Za'im Majlis Eupen)



Muzaffar Ahmad Butt sahib
(Za'im Majlis Sint-Truiden)



Khawar Ahmad sahib
(Za'im Majlis Beringen)



Malik Tahir Ahmad sahib
(Za'im Majlis Dilbeek)



Masud Akhtar Malik sahib
(Za'im Majlis Bait-ul-Mujeeb)



Naveed Anjum sahib
(Za'im Majlis Brussels East)



Rana Basharat Ahmad sahib
(Za'im Majlis Hasselt)



Tariq Mahmood Chadhar sahib
(Za'im Majlis Antwerpen)



Wahid Ahmad sahib
(Za'im Majlis Lier)

Majlis-e-Amila Ansarullah Belgium



N.A. Shamim Ahmed sahib
(Sadr Majlis Ansarullah)



Munawar Ahmed Bhatti sahib
(Naib Sadr Saf-e-Awal, Qaid Taleem)



Abdul Basit Bhatti sahib
(Qa'id Maal, Naib Sadr Saf-e-Dom)



Sheikh Waseem Ahmed sahib
(Qa'id Amoomi, Naib Sadr)



Rafiq Ahmed Hashmi sahib
(Qa'id Ishaat)



Noor u Din Ahmad sahib
(Qa'id T. Jadeed, W. Jadeed)



Naeem Ahmed Shaheen sahib
(Qa'id Tarbiyyat Nau-Moba'een)



Muhammed Azam Bhaghat sahib
(Qa'id Tarbiyyat)



Naveed Anjum sahib
(Qa'id Issar)



Shahed Mahmoud sahib
(Qa'id Tajnid)



Munawar Latif sahib
(Qa'id Dhahanat, Sehat-e-Jasmani)



Hafiz Jehanzeb Qureshi sahib
(Qa'id Taleem-ul-Qur'an)



Azhar uddin Khandaker sahib
(Qa'id Tabligh)



Kashif Rehan Khalid sahib
(Auditor)



Rizwan van den Broek sahib (1990-92) *(Late)*



Mirza Inaam-Ullah Baig sahib (1993)



Rafe Mohammad Qureshi sahib (1993-97)



Sheikh-Atta-Rabbi sahib (1997-2004)



Maqsood-ur-Rahman sahib (2005)



Naeem Ahmad Shaheen sahib (2005-09)



Munawwar Ahmad Bhatti sahib (2010-15)



N.A. Shamim Ahmed sahib (2016-till now)



پیغام
مشنری انچارج ، نائب امیر
جماعت احمدیہ بیلجیئم

میرے پیارے انصار بھائیو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

مجلس انصاراللہ بیلجیئم کو اپنے قیام تا حال مجلس کی تدریجی ترقی پر مشتمل ایک سووینیئر شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔الحمدللہ۔ یہ انصاراللہ کی تاریخ کو یاد رکھنے کی عمدہ کوشش ہے کہ کس طرح قادیان کی مقدّس بستی سے جماعت احمدیہ کی اس ذیلی تنظیم کا بابرکت آغاز ہوا۔سیّدنا حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے جماعت کی روحانی، اخلاقی اور مذہبی تربیت کو مستقل طور پر جاری رکھنے کے لیے مختلف ذیلی تنظیمیں قائم فرمائیں اور اس مقصد سے راہنمائی کرتے ہوئے ان کے لائحہ عمل بھی تجویز فرمائے۔آپؓ نے 26 جولائی 1940ء کو اپنے خطبہ جمعہ میں مجلس انصاراللہ کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا۔’’ہر جگہ چالیس سال سے زائد عمر والوں کے لیے مجالس انصاراللہ قائم کرنی چاہییں‘‘

سیّدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے مجلس انصاراللہ کے ممبران میں اصلاح، دینی تعلیم کے حصول، تبلیغ اور عبادات کے قائم کرنے کے لیے جو مقاصد اور اہداف مقرر فرمائے ان میں سے چند ایک بطور یاددہانی پیش کرتا ہوں۔

پنجوقتہ نماز باجماعت اور نوافل کی ادائیگی کی طرف خاص طور پر توجہ دی جانی چاہیے۔

مجلس ایسے پروگرام ترتیب دے جس کے ذریعہ قرآن کریم کے پڑھانے اور اُس کی تعلیمات کو اپنے گھروں میں عام کرنے کی طرف توجہ پیدا ہو۔

انفرادی اور اجتماعی تبلیغ کے لیے زیادہ سے زیادہ رابطے قائم کئے جائیں اور خاص طور پر اپنے عزیز و اقارب میں تبلیغ کی طرف توجہ کی جائے۔

انسانیت کی بھلائی کے لئے منعقد کئے جانے والے سماجی پروگراموں میں حصہ لیا جائے۔

اپنی قوم کی اخلاقی اقدار اور قربانی کے جذبہ کا شعور پیدا کریں اور اس جذبہ کو قائم رکھنے کے لیے اپنے ممبران کی مستقل راہنمائی کرتے رہیں۔

یہ بات خوشی کا باعث ہے کہ مجلس انصاراللہ بیلجیئم اللہ تعالیٰ کے فضل سے پچھلے کئی سالوں سے سماجی خدمات کے پروگرام منعقد کر رہی ہے جن میں امن مارچ، مالی امداد کے لئے منعقد ہونے والے مارچ، عطیہ خون، بوڑھے لوگوں کی رہائش گاہوں کے دورہ جات، نئے سال اور کرسمس کے موقع پر پھولوں کے تحائف پیش کرنے کے پروگرام، بُک سٹالز، امن کے پیغامات پر مشتمل اشتہارات کی وسیع پیمانے پر تقسیم، قرآنِ کریم کی آگاہی اور تشہیر کے لیے نمائشوں کا انعقاد اور اس کے علاوہ بیلجیئم کے قومی دن کو مقامی انتظامیہ کے ساتھ مل کر منانا جیسے موثر پروگرام شامل ہیں۔الحمدللہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بحیثیت انصار ہمیں امام مہدی اور مسیح الموعود کے مددگار ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔

انصاراللہ کے ممبران نے خلافتِ احمدیہ کے ساتھ وفا کا جو عہد باندھا ہے اُسے ہم اِسی صورت میں پورا کر سکتے ہیں کہ ہم خلیفۃ المسیح کے ارشادات کو بغور سنیں اُن پر عمل کریں اور اس پیغام کو دُنیا میں پھیلانے کے لیے اپنے آقا کے دست و بازو بنیں۔

ہماری یہ بھی ذمہ داری ہے کہ ہم اخلاقی اور روحانی تربیت کے ساتھ ساتھ اپنی اولادوں میں خلافتِ احمدیہ اور خلیفۂ وقت کیساتھ گہرا ذاتی تعلق پیدا کریں اور نسل در نسل اس کو منتقل کرتے چلے جائیں۔اس مقصد کے حصول کے لیے ہمیں ہمیشہ اس بات کو اپنے سامنے رکھنا چاہیے کہ اس سلسلہ میں ہم نے جو عہد کیا ہے اُس کا کیا تقاضا ہے۔اللہ تعالیٰ ان تمام بابرکت مقاصد کو حاصل کرنے کی ہم میں سے ہر ناصر کو توفیق عطا فرمائے۔آمین

والسلام

حافظ احسان سکندر

مشنری انچارج و نائب امیر

جماعت احمدیہ بیلجیئم



پیغام
صدر مجلس انصار اللہ بیلجیئم
این اے شمیم احمد

عزیز انصار بھائیو! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصار اللہ کو اپنا پہلا سوونیئر شائع کرنے کی توفیق ملی الحمدللہ اس سوونیئر کی اشاعت کی اجازت اور خصوصی پیغام کے لیے خاکسار نے اپنے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمتِ اقدس میں درخواست کی جسے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت منظور فرماتے ہوئے جہاں سوونیئر شائع کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی وہاں اپنے روح پرور پیغام سے بھی نوازا۔ جزاکم اللہ۔ سوونیئر کی اشاعت کا مقصد مجلس انصار اللہ بیلجیئم کی 30 سالہ تاریخ محفوظ کرنا اور اپنے انصار کے علم کے لیے منظر عام پر لانا ہے۔ اس سوونیئر کی کامیاب اشاعت پر خاکسار، قائد صاحب اشاعت اور سوونیئر کمیٹی کے معزز اراکین کا تہہ دل سے مشکور ہے جنہوں نے پوری دلجمعی اور مستقل محنت سے اس کام کو سرانجام دیا۔ اسی طرح خاکسار مکرم ومحترم امیر صاحب کا بھی مشکور ہے جنہوں نے مختلف مراحل میں ہماری رہنمائی فرمائی۔ جزاکم اللہ واحسن الجزاء

عزیز بھائیو! اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ذریعے ایک نئے آسمان اور زمین کی بنیاد ڈالی۔ آپ کے مقدس ہاتھوں سے اس کی تخم ریزی کی گئی اور پھر ان بنیادوں پر مضبوط عمارتیں بنانے کا کام خلافت احمدیہ کے سپرد کیا گیا۔ چنانچہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پہلے مرکزی نظام کو مستحکم اساس پر قائم کیا اور پھر جماعت کی چاردیواری بنانے اور اسے مضبوط بنانے کیلئے شب وروز ایک کردیے۔ ان میں سے ایک دیوار انصار اللہ ہے جس کا قیام 26 جولائی 1940 کو مسجد اقصیٰ قادیان کے خطبہ جمعہ میں فرمایا گیا۔ یہ تنظیم خلافت احمدیہ کی دعاؤں اور رہنمائی کے طفیل قدم بہ قدم ترقی کرتی رہی اور آج بیلجیئم میں انصار اللہ کے قیام کو 30 سال ہو چکے ہیں۔ ہماری یہ تاریخ قربانیوں، ایثار، خدمت خلق اور تعلیمی وتربیتی کارناموں سے معمور ہے۔ یہ ایک لازوال تنظیم ہے جس کی بنیادی پانچ ذمہ داریاں ہیں دعوت الی اللہ کرنا، قرآن کریم پڑھنا پڑھانا، شرائع کی حکمتیں بیان کرنا، اچھی تربیت کرنا، قوم کی دنیاوی کمزوریوں کو دور کرکے اسے ترقی کے میدان میں بڑھانا۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انصار اللہ کے پہلے اجتماع کے موقع پر 25 دسمبر 1944ء کو اپنے افتتاحی خطاب میں فرمایا:

"زندگی کے آثار پیدا کرنے کے لئے یہ ضروری ہوتا ہے کہ اول تنظیم کامل ہو جائے، دوسرے متواتر حرکتِ عمل پیدا ہو جائے اور تیسرے اسکے کوئی اچھے نتائج نکلنے شروع ہو جائیں۔ کونومع الصادقین یعنی اگر تم اپنے اندر تقویٰ کا رنگ پیدا کرنا چاہتے ہو تو اس کا گُر یہی ہے کہ صادقین کی مجلس اختیار کرو تا کہ تمہارے اندر بھی تقویٰ کا وہی رنگ تمہارے ہمسائے کے ماتحت پیدا ہو جائے جو اس میں پایا جاتا ہے۔"

انصار اللہ کے نویں اجتماع کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روح پرور اور بصیرت افروز پیغام کا کچھ حصہ پیش خدمت ہے آپ فرماتے ہیں:

"انصار اللہ کی تنظیم درحقیقت اس غرض کے لئے قائم کی گئی ہے کہ آپ لوگ خدمت دین کا پاک اور بے لوث جذبہ اپنے اندر زندہ رکھیں اور وہ عمارت جسے آپ نے اپنے بچپن اور جوانی میں سنبھالا اور اسے ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رکھا اس کی اب پہلے سے بھی زیادہ نگہداشت کریں اور اپنے بچوں اور نوجوانوں کو بھی اپنے قدم بہ قدم چلانے کی کوشش کریں بے شک ان کی تنظیمیں الگ الگ ہیں لیکن اطفال الاحمدیہ آخر آپ ہی کے بچے ہیں اور خدام بھی کوئی علیحدہ وجود نہیں، بلکہ آپ لوگوں کے ہی بیٹے اور بھائی ہیں۔ جس طرح ایک باپ کا فرض ہے کہ وہ اپنے بیٹے کی تربیت کرے اسی طرح انصار اللہ کا بھی فرض ہے کہ وہ اپنی جماعت کے بچوں اور نوجوانوں کے حالات کا جائزہ لیتے رہیں اور اگر خدانخواستہ ان میں کوئی کمزوری دیکھیں تو نرمی اور محبت کے ساتھ اس کو دور کرنے کی کوشش کریں اور اپنی ظاہری جدوجہد کے ساتھ دعاؤں سے بھی اللہ تعالیٰ کی تائید اور اس کی نصرت کو جذب کریں۔ سب سے بڑھ کر اپنا نیک نمونہ انکے سامنے پیش کریں تا کہ ان کی فطرت کا مخفی نور چمک اٹھے اور دین کے لئے قربانی اور فدائیت کا جذبہ ان میں ترقی کرے"۔

سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرالعزیز فرماتے ہیں:

"انصار اللہ کو خاص طور پر اس بات کی طرف توجہ دینی چاہیے کہ ان کا ہر ممبر نماز باجماعت کا عادی ہو ہر ناصر کو خود اپنا جائزہ لینا چاہیے اور کوشش کرنی چاہیے کہ وہ خود باجماعت نماز کا عادی ہو سوائے بیماری اور معذوری کے نماز باجماعت کی ادائیگی کے لئے انتہائی کوشش کرنی چاہیے۔ انصار اللہ حقیقی رنگ میں انصار اللہ تبھی بن سکتے ہے جب اللہ تعالیٰ کے دین کو قائم کرنے اور اس پر عمل کرنے اور کروانے میں اپنا کردار ادا کریں"۔

پس دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقی انصار بننے کی توفیق عطا فرمائے آمین



پیغام
امیر جماعت احمدیہ بیلجیئم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

قوموں کا مستقبل میں صحیح سمت میں آگے بڑھنے کے لیے ماضی کا علم بھی ایک ضروری چیز ہے اسی لیے اس زمانہ کی ترقی یافتہ قوموں میں اپنی اور دنیا کی تاریخ بڑی تفصیل اور جغرافیائی حقائق کے ساتھ پڑھائی اور سکھائی جاتی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا۔ ''صحیح تاریخ ایک عمدہ مصلح ہے''

مجلس انصاراللہ بیلجیئم کا اپنا پہلا سوونیئر شائع کرنا بہت خوش آئند بات ہے کیونکہ اگر ایسا نہ کیا جائے تو تاریخ آہستہ آہستہ گم ہونا شروع ہو جاتی ہے اور وہ جو مشکل سفر کیا ہوتا ہے اور جن احباب کو اس سفر میں خدمت کی توفیق ملی ہوتی ہے اِنکا ذکرِ خیر بھی دراصل انہی کاوشوں کے طفیل ہوتا ہے اور آئندہ آنے والوں کے لئے محفوظ ہوتا چلا جاتا ہے۔

بیلجیئم ایک چھوٹا ملک ہے اور شروع میں جماعت بھی چھوٹی تھی اور مختلف ذیلی تنظیموں کی طرح مجلس انصاراللہ کی تعداد بھی بہت تھوڑی تھی۔ نیا ملک، اجنبی زبانیں، رہائش کے مسائل اور اسی طرح کے بہت سے چیلنجز کا سامنا کرتے ہوئے ابتدائی انصار نے نہایت حوصلے اور ثابت قدمی سے نہ صرف ان چیلنجز کا مقابلہ کیا بلکہ جماعت اور انصار اللہ کے قیام اور اغراض کو پورا کرنے کے لئے بھی پوری کوشش کی اور پھر اس چھوٹے سے کارواں میں مزید مخلصین ملتے گئے جیسے جیسے کارواں آگے بڑھتا گیا۔

ہمارے لیے یہ یاد دہانی بہت ضروری ہے کہ حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کو نحن انصار اللہ کہنے والوں نے ایک لمبا عرصہ (300 سال) بڑے صبر اور دُعاؤں کے ساتھ حضرت مسیح ناصریؑ کے مشن کو آگے بڑھایا۔ یہاں تک کہ شدید مخالفت کا سامنا کرتے ہوئے غاروں میں چھپنا پڑا لیکن خوف اور بھوک کے باوجود اپنے دین کی خدمت جاری رکھی تو ہمارے لیے اس میں ایک نمونہ ہے کہ ہم بطور انصاراللہ اس زمانہ کے مسیحِ ناصری علیہ السلام کے مشن کو آگے لے جانے کے لیے کس طرح عملی طور پر حصّہ لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری مدد کرے تاکہ ہم حقیقی معنوں میں عملاً انصاراللہ کے عہد کو نبھانے والے ہوں آمین۔ مجلس انصاراللہ کے عہد اور فرائض میں ایک اہم کام اپنی اولاد میں دین کی محبت اور خدمت کے جذبہ کا جاری کرنا ہے تا خلافتِ احمدیہ کی قیادت میں وہ اِس غلبہ اسلام کے لیے جاری کارواں کے سچے اور جانثار خادم بنیں۔ آمین

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی کتاب حقیقۃ الوحی میں فرماتے ہیں کہ

''ہزار ہا انسان خدا نے ایسے پیدا کئے کہ جن کے دلوں میں میری محبت بھر دی۔ بعض نے میرے لیے جان دیدی اور بعض نے اپنی مالی تباہی میرے لئے منظور کی اور بعض میرے لیے اپنے وطنوں سے نکالے گئے اور دُکھ دیے گئے اور ستائے گئے اور ہزار ہا ایسے ہیں کہ وہ اپنے نفس کی حاجات پر مجھے مقدم رکھ کر اپنے عزیز مال میرے آگے رکھتے ہیں اور میں دیکھتا ہوں کہ اُن کے دل محبت سے پُر ہیں اور بتہیرے ایسے ہیں کہ اگر میں کہوں کہ وہ اپنے مالوں سے بکلی دستبردار ہو جائیں یا اپنی جانوں کو میرے لئے فدا کر دیں تو وہ طیّار ہیں۔ جب میں اِس درجہ کا صدق اور ارادت اکثر افرادِ جماعت میں پاتا ہوں تو بے اختیار مجھے کہنا پڑتا ہے کہ اے میرے قادر خدا درحقیقت ذرّہ ذرّہ پر تیرا تصرّف ہے۔ تُو نے اِن دلوں کو اِس پُر آشوب زمانہ میں میری طرف کھینچا اور ان کو استقامت بخشی یہ تیری قدرت کا نشانِ عظیم الشان ہے۔

(روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 234-240)

اللہ کرے کہ جماعت پر ان الٰہی فضلوں کا سلسلہ بڑھتا چلا جائے اور ہم انصاراللہ سے وابستہ تمام فرائض اور عہدِ وفا کو ہر حال میں نبھاتے ہوئے امیر المؤمنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی معیّت میں اس سفرِ حق میں کامل اطاعت اور بھرپور جذبہ و محنت سے خود بھی اور اپنی نسلوں میں بھی اِن قربانیوں کو زندہ و پائندہ رکھنے والے ہوں تا حقیقی معنوں میں اپنے مولا اور اُس کے دین کے مددگار بنیں۔ آمین ثم آمین.

والسلام

خاکسار

ڈاکٹر ادریس احمد

امیر جماعت احمدیہ بیلجیئم

پیغام

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا
رَبِّ فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا
اِنْ یَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ بِنَصْرِهٖ وَاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ

امام جماعت احمدیہ
اسلام آباد

MA 11-07-2020

پیارے ممبران مجلس انصاراللہ بیلجیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ مجلس انصاراللہ بیلجیم کو ایک خصوصی سوونیئر شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور تمام قارئین پر اس کے نیک اثرات مرتب فرمائے۔ آمین

مجھ سے اس موقع پر پیغام بھجوانے کی درخواست کی گئی ہے۔ میرا پیغام یہ ہے کہ انصار کا کام اپنی عملی حالتوں کو درست کرنا اور اولاد کی نیک تربیت کرنا ہے۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام جس انقلاب کے پیدا کرنے کے لئے دنیا میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجے گئے اس کا حصہ بننے کے لئے ہم نے اپنی تمام تر صلاحیتوں اور استعدادوں کو استعمال کرنا ہے اور اپنی نسل میں بھی اس روح کو پھونکنا ہے۔ جو ہمارے مقاصد ہیں ان کے لئے دعائیں بھی کرنی ہیں۔ ان کی تربیت کرنی ہے کہ معاشرے کے ان سب گندوں اور غلاظتوں کے باوجود ہم نے شیطان کو کامیاب نہیں ہونے دینا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں: ''پس خود نیک بنو اور اپنی اولاد کے لئے ایک عمدہ نمونہ نیکی اور تقویٰ کا ہو جاؤ اور اس کو متقی اور دیندار بنانے کے لئے سعی اور دعا کرو۔ جس قدر کوشش تم ان کے لئے مال جمع کرنے کی کرتے ہو اسی قدر کوشش اس امر میں کرو۔'' (ملفوظات جلد 8 صفحہ 109)

اللہ تعالیٰ کا ایک بہت بڑا انعام خلافت علیٰ منہاج النبوۃ کا قیام ہے۔ ہمیشہ اس بابرکت الٰہی نظام سے وابستہ رہیں۔ خلافت ہی کی برکت سے اللہ تعالیٰ ہمیں ایم ٹی اے کی نعمت سے نوازا ہے۔ یہ جماعت کو خلافت کی برکات سے جوڑنے کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ آپ اس کے ذریعہ خلیفۂ وقت کی نصائح براہِ راست سن سکتے ہیں۔ اس لئے جب خلیفۂ وقت کے خطبات اور خطابات ایم ٹی اے پر نشر ہوں تو اپنے اہل وعیال کے ساتھ انہیں سننے کا اہتمام کریں۔ ہمیں اپنی گھریلو زندگی کو، اپنی حالتوں کو سنوارتے ہوئے اور بچوں کی تربیت کرتے ہوئے گزارنی چاہئے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس



حضرت مرزا مسرور احمد صاحب

امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز



حضرت مرزا طاہر احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

خلیفۃ المسیح الرابع۔ دورِ خلافت (2003ء۔1982ء)

من انصار الی اللہ کون ہیں؟

’’ اگر آپ انصار ہونے کا حق ادا کریں گے اور جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے۔ جان مال عزت جو کچھ بھی خدا کے حضور پیش کریں گے اور ایک لَو لگا لیں گے اور ایک دُھن سر پر سوار کر لیں گے کہ ہم نے ضرور احمدیت کو فتحیاب کرنا ہے اور دعوت الی اللہ کے ذریعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت میں کثرت سے لوگوں کو داخل کرنا ہے تو پھر نصرت کا وعدہ جس کا سورہ نصر میں ذکر ہے کہ فوج در فوج لوگ داخل ہوں گے اس وعدے کو آپ اپنی آنکھوں سے پورا ہوتے دیکھیں گے ..

پس انہی الفاظ میں مَیں آپ کو پھر مسیحِ محمدی علیہ السلام یعنی حضرت مسیحِ موعودؑ کی غلامی میں اس منصب پر فائز ہونے کا حق ادا کرتے ہوئے جس پر اللہ تعالیٰ نے مجھے فائز فرمایا ہے آپ کو خدا کی طرف بلاتا ہوں اور یہ اعلان کرتا ہوں من انصاری الی اللہ کون ہے جو میرے انصار کی جماعت میں داخل ہو اللہ کی خاطر یعنی مسیحِ موعود علیہ السلام کے انصار کی جماعت میں اللہ کی خاطر داخل ہو۔ اسی اسلوب میں اِسی طرز میں انہی اداؤں کے ساتھ جن اداؤں کا قرآنِ کریم میں ذکر فرمایا گیا ہے۔ اگر آپ سچے دل سے اس آواز پر لبیک کہیں گے تو میں آپ کو فتح قریب کی خوش خبری دیتا ہوں اور کوئی نہیں ہے جو اس خوش خبری کو ٹال سکے۔ آمین ‘‘

(از خطباتِ طاہر جلد 11 صفحہ 102۔103)



حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

خلیفۃ المسیح الثالث ۔ دورِ خلافت (1982ء۔1965ء)

قرآن کریم کے بغیر آپ کے گھر بھی بے برکت رہیں گے

’’... وہ نعمت جو قرآنِ کریم کی شکل میں آپ کو حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کے طفیل دوبارہ ملی ہے اگر وہ ورثہ کے طور پر آپ کے بچوں کو نہیں ملتی تو آپ اپنی زندگی کے دن پورے کر کے خوشی سے اس دنیا سے رخصت نہیں ہوں گے۔ جب آپ کو یہ نظر آ رہا ہو گا کہ خدا تعالیٰ کے فضلوں کا خزانہ یعنی قرآنِ کریم جو آپ نے حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کے طفیل حاصل کیا تھا اس سے آپ کے بچے کلیتًا ناواقف ہیں تو موت کے وقت آپ کو کیا خوشی حاصل ہو گی۔ آپ ان جذبات کے ساتھ اس دنیا کو چھوڑ رہے ہوں گے کہ کاش آپ کی آئندہ نسل بھی ان نعمتوں کی وارث ہوتی جن کو آپ نے اپنی زندگی میں حاصل کیا تھا پس تم اپنی جانوں پر رحم کرو۔ اپنی نسلوں پر رحم کرو۔ اپنے خاندانوں پر رحم کرو اور پھر ان گھروں پر رحم کرو جن میں تم سکونت پذیر ہو کیونکہ قرآنِ کریم کے بغیر آپ کے گھر بھی بے برکت رہیں گے۔ .....

..... ہر رکن انصار اللہ کا یہ فرض ہے کہ وہ اس بات کی ذمہ داری اُٹھائے کہ اُس کے گھر میں اُس کی بیوی اور بچے اور ایسے احمدی کہ جن کا خدا کی نگاہ میں وہ راعی ہے قرآنِ کریم پڑھتے ہیں اور قرآنِ کریم سیکھنے کا وہ حق ادا کرتے ہیں جو حق ادا ہونا چاہیے..‘‘

(خطباتِ ناصر جلد اوّل 126، جلد دوم 564)



حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

خلیفۃ المسیح الثانی۔ دورِ خلافت (1914ء۔1965ء)

انصار اللہ پر بہت بڑی ذمہ داری ہے

’’وہ اپنی عمر کے آخری حصہ میں سے گزر رہے ہیں اور یہ آخری حصہ وہ ہوتا ہے جب انسان دنیا کو چھوڑ کر اگلے جہان جانے کی فکر میں ہوتا ہے اور جب کوئی انسان اگلے جہان جا رہا ہو تو اُس وقت اُسے اپنے حساب کی صفائی کا بہت زیادہ خیال ہوتا ہے اور وہ ڈرتا ہے کہ کہیں وہ ایسی حالت میں اس دنیا سے کوچ نہ کر جائے کہ اُس کا حساب گندا ہو۔ اُس کے اعمال خراب ہوں۔ اور اُس کے پاس وہ زادِ راہ نہ ہو جو اگلے جہاں میں کام آنے والا ہے۔ جب احمدیت کی غرض یہی ہے کہ بندہ اور خدا کا تعلق درست ہو جائے تو ایسی عمر میں اور عمر کے ایسے حصہ میں اس کا احساس، جس قدر احساس ایک مومن کو ہونا چاہیے وہ کسی شخص سے مخفی نہیں ہو سکتا۔ نوجوان تو خیال بھی کر سکتے ہیں کہ اگر ہم سے خدمت خلق میں کوتاہی ہوئی تو انصار اللہ اس کام کو ٹھیک کر لیں گے مگر انصار اللہ کس پر انحصار کر سکتے ہیں۔ وہ اگر اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی سے کام لیں گے اور اگر دین کی محبت اپنے نفوس میں اور پھر تمام دنیا کے قلوب میں پیدا کرنے میں کامیاب نہ ہوں گے، وہ اگر احمدیت کی اشاعت کو اپنا اولین مقصد قرار نہ دیں گے، اگر وہ اس حقیقت سے اغماض کر لیں گے کہ انہوں نے اسلام کو دنیا میں پھر زندہ کرنا ہے تو انصار اللہ کی عمر کے بعد اور کون سی عمر ہے جس میں وہ کام کریں گے۔ انصار اللہ کی عمر کے بعد تو پھر ملک الموت کا زمانہ ہے اور ملک الموت اصلاح کے لیے نہیں آتا۔ بلکہ وہ اس مقام پر کھڑا کرنے کے لیے آتا ہے کہ جب کوئی انسان سزا یا انعام کا مستحق ہو جاتا ہے۔‘‘

(سبیل الرشاد جلد اول، صفحہ 89)



حضرت حافظ الحاج حکیم مولوی نورالدین صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

خلیفۃ المسیح الاول۔ دورِ خلافت (1914ء۔1908ء)

ضرورتِ وحدت کی اہمیت

" میں اس سے بھی کھول کر تم کو سنانا چاہتا ہوں کہ کوئی قوم سوائے وحدت کے نہیں بن سکتی بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ کوئی انسان سوائے وحدت کے انسان نہیں بن سکتا کوئی محلّہ سوائے وحدت کے محلّہ نہیں بن سکتا اور کوئی گاؤں سوائے وحدت کے گاؤں نہیں بن سکتا اور کوئی ملک سوائے وحدت کے ملک نہیں بن سکتا اور کوئی سلطنت سوائے وحدت کے سلطنت نہیں بن سکتی۔ دیکھو میری آنکھ تو کہتی ہے کہ یہ زہر ہے۔ اب ہاتھ کہیں کہ مجھے آنکھ کی پرواہ نہیں اور وہ اٹھا کر وہ زہر کھا لیتا ہے تو اس کا نتیجہ ہلاکت ہے۔ اسی طرح گھر کی بات ہے کہ اگر بچہ اپنے مربی، اپنے باپ، اپنی ماں کی بات نہیں سنتا تو اس کی تعلیم و تربیت کا ستیاناس ہو جائے۔ اسی طرح محلّہ، ملک اور سلطنت کا حال ہے۔ اھدنا الصراط المستقیم کی تفسیر میں مَیں نے مرزا صاحب سے سنا ہے کہ اھدنا میں ’نا‘ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ سوائے جماعت کے اللہ تعالیٰ سے بعض خاص فضل کوئی انسان نہیں لے سکتا۔ جماعت کی بڑی ضرورت ہے یہاں تک کہ اگر جمع نہ ہوں تو خدا کے اس فضل کے جاذب نہیں ہو سکتے۔

(خطباتِ نور صفحہ 417)



عہد انصار اللہ

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

میں اقرار کرتا ہوں کہ اسلام احمدیت کی مضبوطی اور اشاعت اور نظامِ خلافت کی حفاظت کے لئے انشاء اللہ تعالیٰ آخر دم تک جدو جہد کرتا رہوں گا اور اس کے لئے بڑی سے بڑی قربانی پیش کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہوں گا نیز اپنی اولاد کو بھی ہمیشہ خلافت سے وابستہ رہنے کی تلقین کرتا رہوں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

BELOFTE VAN ANSARULLAH

Ik beloof plechtig dat ik mij tot het einde van mijn leven zal inspannen voor de versterkking en verspreiding van de Islam Ahmadiyyat en voor de handhaving van het Khilafat.Ik zal ook beried zijn mij,voor deze zaak de grootste opofferingen te getroosten.Bovendien zal ik al mijn kinderen aansporen trouw te blijven aan het Ahmadiyya Khilafat. INSHA'ALLAH

PROMESSE ANSARULLAH

je promets solennellement que je ferai tout et ce durant toute ma vie pur la progagation et la consolidation de l'institution du Califat je nHèsiterai pas offrir n'importe quel sacrifice pour cette cause De Plus j'encouragerai mes efants à rester fermes et dèdiès au Califat. INSHA'ALLAH



کلام الامام علیہ الصلوٰۃ والسلام

جسمانی نماز روحانی نماز کی طرف محرّک ہو

’’.. دُعا وہ اکسیر ہے جو ایک مُشتِ خاک کو کیمیا کر دیتی ہے اور وہ ایک پانی ہے جو اندرونی غلاظتوں کو دھو دیتا ہے، اُس دُعا کے ساتھ روح پگھلتی ہے اور پانی کی طرح بہہ کر آستانہ حضرتِ احدیّت پر گرتی ہے۔ وہ خدا کے حضور میں کھڑی بھی ہوتی ہے اور رکوع بھی کرتی ہے اور سجدہ بھی کرتی ہے اور اسی کی ظِلّ وہ نماز ہے جو اسلام نے سکھلائی ہے اور رُوح کا کھڑا ہونا یہ ہے کہ وہ خدا کے لئے ہر ایک مصیبت کی برداشت اور حکم ماننے کے بارے میں مستعدی ظاہر کرتی ہے اور اُس کا رکوع یعنی جھکنا یہ ہے کہ وہ تمام محبتوں اور تعلّقوں کو چھوڑ کر خدا کی طرف جُھک آتی ہے اور خدا کے لیے ہو جاتی ہے اور اُس کا سجدہ یہ ہے کہ وہ خدا کے آستانہ پر گرِ کر اپنے تئیں بکّلی کھو دیتی ہے اور اپنے نقشِ وجود کو مٹا دیتی ہے یہی نماز ہے جو خدا کو ملاتی ہے اور شریعتِ اسلامی نے اس کی تصویر معمولی نماز میں کھینچ کر دکھلائی ہے تا وہ جسمانی نماز روحانی نماز کی طرف محرّک ہو کیونکہ خدا تعالیٰ نے انسان کے وجود کی ایسی بناوٹ پیدا کی ہے کہ روح کا اثر جسم پر اور جسم کا اثر روح پر ضرور ہوتا ہے۔ جب تمہاری روح غمگین ہو تو آنکھوں سے بھی آنسو جاری ہو جاتے ہیں اور جب روح میں خوشی پیدا ہو تو چہرہ پر بشاشت ظاہر ہو جاتی ہے۔‘‘

(لیکچر سیالکوٹ صفحہ 25)



قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ ھُنَّ أَصْلُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ فَاتَّقُوْھُنَّ وَاحْذَرُوْھُنَّ اِیَّاکُمْ والْکِبْرَ فَاِنَّ اِبْلِیْسَ حَمَلَہُ الْکِبْرُ عَلٰی اَنْ لَّا یَسْجُدَلِاٰدَمَ وَاِیَّاکُمْ وَالْحِرْصَ فَاِنَّ اٰدَمَ حَمَلَہُ الْحِرْصُ عَلٰی اَنْ أَکَلَ مِنَ الشَّجَرَۃِ وَاِیَّاکُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ ابْنَیْ اٰدَمَ اِنَّمَاقَتَلَ اَحَدُھُمَا صَاحِبَہٗ حَسَدًا. (تفسیر یہ باب الحسد، حدیقۃ الصالحین)

ترجمہ: حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین باتیں ہر گناہ کی جڑ ہیں ان سے بچنا چاہیے۔ تکبر سے بچو کیونکہ تکبر نے ہی شیطان کو اس بات پر اُکسایا کہ وہ آدم کو سجدہ نہ کرے۔ حرص سے بچو کیونکہ حرص نے ہی آدم کو درخت (کا پھل) کھانے پر اُکسایا۔ حسد سے بچو کیونکہ حسد کی وجہ سے ہی آدم کے دو بیٹوں میں سے ایک نے اپنے ہی بھائی کو قتل کر دیا تھا۔



The Holy Quran

بسم الله الرحمن الرحيم

NEDERLANDS

O, gij die gelooft, weest Allah's helpers, zoals toen Jezus, zoon van Maria, tot zijn discipelen zeide : " Wie zijn mijn helpers ter wille van Allah?" De discipelen antwoordden: " Wij zijn Allah's helpers!" Toen geloofde een gedeelte van de kinderen Israêls, terwijl een ander niet geloofde maar Wij hielpen de gelovingen tegen hun vijand en zij werden overwinnaars.

FRENCH

O vous qui croyez ! soyez les aides dans la d'Allah, comme disait Jèsus , fils de Marie, à ses disciples : << Qui sont mes aides pour la cause d'Allah ? >> Les disciples dirent : << Nous sommes les aides d'Allàh. >>Alors un groupe des Enfants d'Israël crut, alors qu'un autre groupe refusa de croire. Puis, Nous aidàmes ceux qui crurent contre leur ennemi, et ils devinrent victorieux.

(Surah As-Saf -15)



فرمانِ الٰہی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا كُوۡنُوۡۤا اَنۡصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِیۡسَی ابۡنُ مَرۡیَمَ لِلۡحَوَارِیّٖنَ مَنۡ اَنۡصَارِیۡۤ اِلَی اللّٰهِ قَالَ الۡحَوَارِیُّوۡنَ نَحۡنُ اَنۡصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتۡ طَّآئِفَةٌ مِّنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ وَكَفَرَتۡ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَیَّدۡنَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا عَلٰی عَدُوِّهِمۡ فَاَصۡبَحُوۡا ظٰهِرِیۡنَ ۔ (سورۃ الصّف۔15)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کے انصار بن جاؤ جیسا کہ عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا تھا (کہ) کون ہیں جو اللہ کی طرف رہنمائی کرنے میں میرے انصار ہوں؟ حواریوں نے کہا ہم اللہ کے انصار ہیں۔ پس بنی اسرائیل میں سے ایک گروہ ایمان لے آیا اور ایک گروہ نے انکار کر دیا۔ پس ہم نے اُن لوگوں کی جو ایمان لائے اُن کے دشمنوں کے خلاف مدد کی تو وہ غالب آ گئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ ہمیں اس دور میں اپنے آقا و مولا سیدّ نا حضرتِ اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلامِ صادق اور امامِ زمانہ حضرت میرزا غلام احمد قادیانی مسیح و مہدی موعودؑ کو ماننے کی توفیق ملی۔ سیدّ نا حضرت مسیحِ موعودؑ سے اللہ تعالیٰ نے الہام فرمایا کہ ''میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔" یہ پیشگوئی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنے وقت پر پوری ہوئی اور آج جماعت احمدیہ دُنیا کے تقریباً ہر ملک میں پھیل چکی ہے انہی ممالک میں بیلجیئم بھی شامل ہے جہاں احمدیت کا نفوذ 1981ء میں ہوا جبکہ مجلس انصار اللہ بیلجیئم 1990ء میں قائم کی گئی۔ الحمد اللہ علی ذالک

قارئینِ کرام! ترقی کرنے والی قوموں کے لیے اپنے بزرگوں کی کاوشوں کو یاد رکھنا ضروری ہوا کرتا ہے تا کہ اُنکے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے قوم ترقی کے اس سفر کو جاری رکھ سکے۔ اسی فرض کی ادائیگی کے پیشِ نظر محترم صدر صاحب کی تحریک پر فیصلہ کیا گیا کہ مجلس کی تنظیمی اور تربیتی مساعی کو اختصار کے ساتھ تاریخ کی صورت میں ایک سووینیئر کی شکل میں تیار کر کے مجلس انصار اللہ بیلجیئم کے سلور جوبلی اجتماع کے موقع پر شائع کیا جائے (افسوس کہ اس سال پوری دُنیا میں "COVID19" جیسے موذی مرض کی وجہ سے یہ اجتماع منعقد نہیں ہو سکا)۔ اس سووینئر کی تیّاری کے لیے مجلس عاملہ کے مشورہ کے بعد محترم صدر صاحب نے ایک کمیٹی تشکیل دی جس میں درج ذیل اراکین شامل تھے، خاکسار قائد اشاعت کے علاوہ مکرم منوّر احمد بھٹی صاحب نائب صدر صفِ اوّل و قائد تعلیم، مکرم شیخ وسیم احمد صاحب نائب صدر و قائد عمومی، مکرم رائے مظہر احمد صاحب اور مکرم فرید یوسف صاحب ریجنل ناظمِ اعلیٰ آنٹورپن۔ سووینیئر کمیٹی نے مختلف پہلوؤں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس میں خوبصورت رنگ بھرنے کی کوشش کی ہے تاہم ناتجربہ کاری کی وجہ سے بہت سی خامیاں رہ گئی ہوں گی جس کے لیے ہم تہہ دل سے معذرت خواہ ہیں۔

قارئین! من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ کے ارشاد پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ہم اپنے پیارے آقا سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دل کی گہرائیوں سے مشکور ہیں کہ حضورِ انور نے ازراہِ شفقت اس سووینیئر کے لیے محبت بھرا پیغام ارسال فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ حضور اقدس کی صحت اور عمر میں برکت عطا فرمائے اور ہم اپنے پیارے آقا کے ہر ارشاد پر ہمیشہ دل و جان سے عمل کرنے والے ہوں آمین۔ اسی طرح موجودہ اور سابق امراء کرام اور صدرانِ مجلس انصار اللہ نے مجلس کی تاریخ سے متعلق مفید معلومات فراہم کیں نیز صدر صاحب مجلس انصار اللہ مکرم و محترم این اے شمیم احمد صاحب کی خصوصی توجہ، رہنمائی اور ہر موقع پر حوصلہ افزائی اس سووینیئر کی تیاری میں بہت مددگار ثابت ہوئی۔ سووینیئر کی اُردو ٹائپنگ کے لیے مکرم نعیم احمد شاہین صاحب اور ڈیزائن و ترتیب کے لیے مکرم ناصر شبیر صاحب کی معاونت شاملِ حال رہی۔ آخر میں خاکسار سووینیئر کمیٹی کے تمام معزز اراکین کا تہہ دل سے مشکور ہے اور دُعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اس کارِ خیر کی بہترین جزاء عطا فرمائے اور اس سووینیئر کی اشاعت کے مقاصد کو پورا فرمائے۔ آمین ثم آمین

خاکسار

رفیق احمد ہاشمی

قائد اشاعت مجلس انصار اللہ بیلجیئم

فہرست عناوین

- پیش لفظ — 02
- ارشادِ باری تعالیٰ — 03
- قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم — 05
- کلام الامام علیہ السلام — 06
- عہد انصار اللہ — 07
- ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ تعالیٰ عنہ — 08
- ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ — 09
- ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ — 10
- ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ — 11
- پیغام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز — 13
- پیغام مکرم و محترم امیر جماعت احمدیہ بیلجیئم — 14
- پیغام مکرم و محترم صدر مجلس انصار اللہ بیلجیئم — 15
- پیغام مکرم و محترم مشنری انچارج بیلجیئم — 16
- مجلس انصار اللہ کے قیام کا محرک اور اغراض و مقاصد — 20
- مجلس انصار اللہ بیلجیئم (قدم بہ قدم تاریخ کے آئینے میں) — 21
- "انصار اللہ کی ذمہ داریاں" — 26
- تاریخی خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز (برموقع سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ بیلجیئم 2008ء) — 30
- مساعی مجلس انصار اللہ بیلجیئم (تصویری جھلکیاں) — 35

مجلسِ ادارت

نگران اعلیٰ..... این. اے شمیم احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ بیلجیئم

مدیر اعلیٰ..... رفیق احمد ہاشمی صاحب قائد اشاعت مجلس انصار اللہ بیلجیئم

ڈیزائن و ترتیب..... ناصر شبیر صاحب

معاونت..... محمد ارسلان صاحب مربی سلسلہ۔ منور احمد بھٹی صاحب

رائے مظہر احمد صاحب۔ نعیم احمد شاہین صاحب

تصاویر..... فرید یوسف صاحب



حضرت مرزا غلام احمد قادیانی صاحب

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام

سوونیئر

مجلس انصاراللہ بیلجیئم

1990-2021





روزنامہ الفضل قادیان دارالامان مورخہ ۲۸ وفا ۱۳۱۹ ہش — نمبر ۱۷۰ جلد ۲۸

مدینۃ المسیح

قادیان ۲۶ وفا ۱۳۱۹ ہش۔ سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے متعلق مساڑھے [illegible] ڈاکٹری اطلاع مظہر ہے کہ حضور کو تاحال نقاہت بہت ہے [illegible] دعا کرتے رہیں۔

حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے باوجود نقاہت آج خطبہ جمعہ پڑھا جس میں مرکزی جماعت کے ہر بچہ سے لے کر بڑے تک کے لئے لازمی قرار دے دیا۔ کہ خدمت دین کے لئے ایک خاص تنظیم میں داخل ہو یعنی آٹھ سال سے لے کر پندرہ سال تک کی عمر کے بچے مجلس اطفال احمدیہ میں اپنے نام لکھائیں ۱۶ سال سے ۴۰ سال تک کے مجلس خدام الاحمدیہ میں داخل ہوں۔ اور چالیس سال سے اوپر کے مجلس انصاراللہ میں شریک ہوں مجلس انصاراللہ کا پریذیڈنٹ حضور نے حضرت مولوی شیر علی صاحب کو مقرر فرمایا اور مختلف حلقوں کے لئے سیکرٹری جناب چودھری فتح محمد صاحب سیال۔ جناب مولوی فرزند علی صاحب۔ جناب مولوی عبدالرحیم صاحب درد ایم۔ اے نامزد فرمائے۔

جلد ۲۸ | ۲۸ ماہ وفا ۱۳۱۹ ہش | ۲۲ جمادی الاخریٰ ۱۳۵۹ھ | ۲۸ جولائی ۱۹۴۰ء | نمبر ۱۷۰

1990



نحن انصار اللہ

MAJLIS ANSARULLAH BELGIUM